آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 27 اگست 2020ء بمطابق 07 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 232

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:20
ظہر	1:35
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:25)
عشاء	8:30

اہل تشیع

فجر صبح	6:00
ظہر	1:00
مغرب	08:00

بلوچستان اسمبلی اجلاس

قومی آفات سے نمٹنے کے قانون 2010 میں ضروری ترمیم کا آئینی قرارداد منظور

بلوچستان اسمبلی اجلاس' مسودات قانون اور وفاقی حکومت کو قومی آفات سے نمٹنے کے لئے 2010 کے قانون میں ضروری ترامیم کرنے سے متعلق قرارداد منظور

ایک ایسی حکمت عملی بنائی جائیں کہ یونین کونسلوں کی سطح پر ڈومیسائلز کی تصدیق کرسکیں بہت سے ایسے ڈومیسائلز جاری ہوچکے ہیں جن کا تعلق متعلقہ علاقوں سے نہیں ہے۔ 6 فیصد کوٹے پر عملدرآمد نہیں ہورہا

بلوچستان اسمبلی میں بلوچستان وقف املاک، بلوچستان ٹرسٹ، کوآپریٹو سوسائٹیز کے مسودات قانون اور وفاقی حکومت کو قومی آفات سے نمٹنے کے لئے 2010 کے قانون میں ضروری ترامیم کرنے سے متعلق قرارداد منظور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں بلوچستان وقف املاک، بلوچستان ٹرسٹ، کوآپریٹو سوسائٹیز کے مسودات قانون اور وفاقی حکومت کو قومی آفات سے نمٹنے کے لئے 2010 کے قانون میں ضروری ترامیم کرنے سے متعلق قرارداد منظور، اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ جیل میں اصلاحات محکمہ داخلہ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کردیں، اپنی اسپیکر کی جعلی ڈومیسائل کے خلاف اب تک ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کرنے کی ہدایت۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو ایک گھنٹہ 10 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت ہوا اجلاس میں وقفہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سینٹرل پولیس آفس کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کررہے ہیں

میرٹ ہوگا تو ترقی ہوگی اور پورا معاشرہ کامیاب ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومتی و معاشرتی سطح اور ہر فورم پر میرٹ، انصاف اور اہلیت کا ذکر تو ہوتا ہے لیکن بدقسمتی سے اس پر عمل نہیں ہوتا، اداروں کو نقصان پہنچتا ہے اور باصلاحیت لوگ اوپر نہیں آسکتے

ہم سیاسی سطح پر مصلحت کا شکار ہوکر صحیح فیصلے نہیں کرپاتے، ملک اور صوبے کے بڑے فیصلے کرتے ہوئے سیاسی وابستگیوں، قومیت اور ذاتی تعلقات کو ترجیح دی جاتی ہے

اگر ٹیم میرٹ پر منتخب نہ ہو تو کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی، یہ مسابقت کا دور ہے، میرٹ ہوگا تو ترقی ہوگی اور پورا معاشرہ کامیاب ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ حکومتی و معاشرتی سطح اور ہر فورم پر میرٹ، انصاف اور اہلیت کا ذکر تو ہوتا ہے لیکن بدقسمتی سے اس پر عمل نہیں ہوتا، ہم سیاسی سطح پر مصلحت کا شکار ہوکر صحیح فیصلے نہیں کرپاتے، ملک اور صوبے کے بڑے فیصلے کرتے ہوئے سیاسی وابستگیوں، قومیت اور ذاتی تعلقات کو ترجیح دی جاتی ہے جس سے اداروں کو نقصان پہنچتا ہے اور باصلاحیت لوگ اوپر نہیں آسکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ سپورٹس اور یوتھ فیسٹیول 2020ء کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا انعقاد صوبائی محکمہ کھیل و امور نوجوانان نے کیا تھا، صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، سردار نور محمد دمڑ، میر سلیم کھوسہ، پارلیمانی سیکرٹری ماہ جبین شیران اور مبین کلیمی بھی تقریب میں موجود تھے جبکہ صوبہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ حالیہ بارشوں سے سیلابی صورتحال کے پیش نظر ایف سی بلوچستان ساؤتھ تربت سیلابی ریلے میں پھنسے افراد کو ریسکیو کرکے محفوظ مقام پر منتقل کررہے ہیں

بلوچستان کورونا کیسز میں اچانک اضافہ، 11 اضلاع میں مریضوں کی تشخیص

محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں کورونا وائرس کے کیسز میں کمی کے بعد منگل کو اچانک اضافہ ہوا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں کورونا وائرس کیسز میں اچانک بڑا اضافہ، 11 اضلاع میں مریضوں میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی ہے، محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں کورونا وائرس کے کیسز میں کمی کے بعد منگل کو اچانک

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پولیس موبائل یونٹس سے کافی حد تک عوام کے مسائل حل ہونگے، وزیراعلیٰ بلوچستان

تھانوں کو اپ گریڈ کرکے جدید ٹیکنالوجی کی طرف لایا جارہا ہے، اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی کے حوالے پر غور کیا جائیگا، جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ پولیس موبائل یونٹس سے کافی حد تک عوام کے مسائل حل ہونگے تھانوں کو اپ گریڈ کرکے جدید ٹیکنالوجی کی طرف لایا جارہا ہے۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن وامان سے متعلق آئی جی آفس میں اجلاس

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ڈھائی ارب امریکی ڈالر کی مالیت کے چاول کی مصنوعات برآمد کی گئیں، فخر امام

ہمیں چاول کی صنعت میں سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام نے کہا ہے کہ ہمارے چاول کا معیار عالمی سطح پر قابل قبول ہے۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام نے چاول کی برآمد و پیداوار میں اضافے کے موضوع پر دیوبار میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص زخمی پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے مشرقی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ بچہ زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ بچہ زخمی پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے بند میں برساتی نالے میں چار بچے بہہ گئے ایک بچہ جاں بحق جبکہ تین کو بحفاظت پانی سے نکال لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے بند میں برساتی نالے میں چار بچے بہہ گئے ایک بچہ جاں بحق جبکہ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

لاڑکانہ کو کراچی بنانا تھا، پی پی نے کراچی کو لاڑکانہ بنادیا، وزیر اطلاعات شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات شبلی فراز نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکومت نے گذشتہ مالی سال 10 ارب 14 کروڑ ڈالر کا قرضہ واپس کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی حکومت نے 20-2019 میں 10 ارب

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ایف اے ٹی ایف کے نام پر آئین اور عوام کے حقوق نہیں چھینے دیں گے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایف اے ٹی ایف کے نام

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کراچی میں نالوں کی صفائی، منصوبے کی تکمیل ایک سال میں ہوگی: اسد عمر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ کراچی کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

جرائم پیشہ عناصر بھی جدید ٹیکنالوجی استعمال کررہے ہیں، جام کمال

عام آدمی کو انصاف کی فراہمی کا آغاز پولیس تھانہ میں ایف آئی آر کے اندراج اور چالان کی تیاری سے ہوتا ہے

عوام کو انصاف کے حصول اور شکایات کے ازالے کے حوالے سے پولیس سے بہت توقعات وابستہ ہوتی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ عام آدمی کو انصاف کی فراہمی کا آغاز پولیس تھانہ میں ایف آئی آر کے اندراج اور چالان کی تیاری سے ہوتا ہے، عوام کو انصاف کے حصول اور شکایات کے ازالے کے حوالے سے پولیس سے بہت توقعات وابستہ ہوتی ہیں، پولیس افسران اور اہلکار عوام کے ساتھ دوستانہ رویے کے ذریعہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مضبوط بنا سکتے ہیں، بلوچستان پولیس نے کم وسائل اور نامساعد حالات کے باوجود ہمیشہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

نواب اکبر بگٹی کی جمہوریت اور بلوچستان کے عوام کیلئے دی جانے والی قربانیاں مثل راہ ہے جن کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، رکن صوبائی اسمبلی کہرام بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے اکثر علاقوں میں جمہوری وطن پارٹی کے بانی نواب اکبر بگٹی کی برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی بلوچستان کے سابق گورنر و وزیراعلیٰ اور جمہوری وطن پارٹی کے بانی نواب اکبر بگٹی کی چودھویں برسی کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں عقیدت واحترام سے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

سیکرٹری مواصلات نور الامین مینگل مچھ پل اور شاہراہ کی بحالی کے کام کا معائنہ کررہے ہیں

روک اندن بلوچستان مختلف اضلاع میں طوفانی بارش سیلابی ریلے ٹریفک معطل

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ موسلادار اور طوفانی بارش برساتی نالوں میں سیلابی ریلے ہرنائی کوئٹہ شاہراہ اور پنجاب شاہراہ، کوئٹہ سبی شاہراہ مچھ کے مقام پر ٹریفک عرضی طور پر معطل

پہاڑی سلسلوں میں سینکڑوں گاڑیاں پھنس گئے گاڑیوں میں سوار مسافروں خصوصاً خواتین، بچوں، ضعف المرافراد اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بولان ندی میں سیلابی ریلہ آنے کا خدشہ ہے

اندرون بلوچستان / کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ موسلادار اور طوفانی بارش برساتی نالوں میں سیلابی ریلے ہرنائی کوئٹہ شاہراہ اور پنجاب شاہراہ، کوئٹہ سبی شاہراہ مچھ کے مقام پر ٹریفک عرضی طور پر معطل، پہاڑی سلسلوں میں سینکڑوں گاڑیاں پھنس گئے گاڑیوں میں سوار مسافروں خصوصاً خواتین، بچوں، ضعف المرافراد اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بولان میں جاری بارش کے بعد بولان ندی میں سیلابی کیفیت کے باعث ڈپٹی کمشنر ضلع مکھی مراد خان کاسی نے عوام کو بولان قومی شاہراہ سفر پر غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کی اپیل کی۔ محکمہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

صوبے وسائل پر بلوچستان کے لوگوں کی حق حکمرانی ہونی چاہیئے

وفاقی محکموں میں بلوچستان کے 6 فیصد کوٹے پر عملدرآمد ہونی چاہئیں کیونکہ بلوچستان میں پسماندگی بہت زیادہ ہے

حقیقی حق حکمرانی، قانون اور آئین کی حکمرانی، حقیقی جمہوریت کے فروغ، پارلیمنٹ کی بالادستی اور محکوم اقوام کیلئے جدوجہد ہے، غلام نبی مری

خضدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، کوئٹہ کے انفارمیشن سیکرٹری یونس بلوچ، مرکزی کونسلر ملک صلاح الدین شاہوانی گزشتہ روز نال میں پارٹی کے دفتر میں تحصیل نال و گریشہ کے عہدیداروں اور کارکنوں سے ملاقات کی اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، بی این پی ضلع کوئٹہ کے انفارمیشن سیکرٹری یونس بلوچ، ملک صلاح الدین شاہوانی، تحصیل نال کے صدر نبی بخش بلوچ، تحصیل گریشہ کے صدر محبوب قلندرانی، سابق تحصیل نال کے صدر حاجی عبدالرب مینگل نے خطاب کیا، اس موقع پر بلوچی و براہوئی زبان کے نامور ادیب، شاعر ڈاکٹر سلیم کرد، بی این پی تحصیل نال کے نائب صدر سیف اللہ مینگل، لیبر سیکرٹری غلام محمد سلانی، انسانی حقوق کے سیکرٹری سعید احمد بزنجو، تحصیل گریشہ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالستار سیاپاد سمیت نال، گریشہ کے عہدیداران موجود تھے۔ جبکہ کارروائی تحصیل نال کے جنرل سیکرٹری نصیر بلوچ نے سرانجام

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

تقسیم اور نفرت کی سیاست کرنے والوں نے کراچی کو مسائل کے سوا کچھ نہیں دیا، بلاول بھٹو

شہر قائد کے عوام دیکھ رہے ہیں کہ کون بحرانوں کے موقع پر ان کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تقسیم اور نفرت کی سیاست کرنے والوں نے کراچی کو مسائل کے سوا کچھ نہیں دیا جبکہ پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کی بلا امتیاز خدمت پر یقین رکھتی ہے، انہوں نے ان خیالات کا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

15 اگست کیس اوپینہ کے تحت اسکولز کو کھولنے کا فیصلہ کیا گیا

سرد ایار محمد رند

نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے شعبہ تعلیم میں جدت لانے اور اسے مزید ترقی دینے کے لئے صوبائی حکومت حساس اور مستعد ہے

بلوچستان بھر میں شعبہ تعلیم میں نہار پیدا کرنے کے لئے حکمت عملی اپنا کر خصوصی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان

خضدار (این این آئی) وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند سے سابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار رئیس تنویر احمد کرد نے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان کے پروٹوکول آفیسر محمد عارف بلوچ بھی موجود تھے۔ رئیس تنویر کرد نے صوبائی وزیر تعلیم کو خضدار میں تعلیمی صورتحال سے آگاہ اور تعلیمی مسائل ان کی شنید میں لائے۔ صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند کا کہنا تھا کہ بلوچستان بھر میں شعبہ تعلیم میں نہار پیدا کرنے کے لئے حکمت عملی اپنا کر خصوصی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے شعبہ تعلیم میں جدت لانے اور اسے مزید ترقی دینے کے لئے صوبائی حکومت حساس اور مستعد ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کا بچہ چاہے شہر میں ہو یا دیہات میں وہ اسکول ضرور جائے پڑھے اور ان کا مستقبل روشن ہو، اس حوالے سے اساتذہ کا کردار ذمہ دارانہ اور روحانی باپ کی طرح ہے اساتذہ تندہی اور محنت کے ساتھ بلوچستان میں تعلیمی اداروں کو آباد رکھیں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

دور حاضر میں سوشل میڈیا کی طاقت سے انکار کرنا ناممکن ہے، جمال شاہ کاکڑ

پارٹی کارکن گواور سے ژوب تک سوشل میڈیا کے ذریعے پارٹی پیغام کا پرچار کریں، سوشل میڈیا ورکروں سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ دور حاضر میں سوشل میڈیا کی طاقت سے انکار کرنا ناممکن ہے مسلم لیگ (ن) کے قوم میں سیاسی شعور اجاگر کرنے کے لئے سوشل میڈیا کا مثبت استعمال

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم کی معاون خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر پاکستان بیت المال میں آئی ایف اے پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

عوام کو انصاف دلانے کی خاطر ہر ممکن اقدام اٹھائیں گے، اسسٹنٹ کمشنر ویندر لعل

ہرنائی (ش ن) اسسٹنٹ کمشنر ویندر لعل نے کہا ہے کہ عوام کو انصاف دلانے کی خاطر ہر ممکن اقدام اٹھائیں گے۔ جس کے لیے تمام ذمہ داروں پر لازم ہے کہ معیار کیساتھ اشیائے فروخت حکومت کی جانب سے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کے سلسلے میں تاجر برادری انتظامیہ کا ساتھ دیں، مرکزی انجمن تاجران

تاجر برادری سیکیورٹی کے نیکس کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور اپنی دکانوں کے سامنے کھڑے رہے تاکہ سیکیورٹی کے نیکس کو دشواری نہ ہو، محمد ابراہیم کاکڑ

مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے کوئٹہ ڈویژن کے عہدیدار کی محرم الحرام اور شہر کے امن وامان اس سلسلے میں ایف ایس ایس اور انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے پریس ریلیز کے مطابق بدھ کو سٹی تھانہ میں محرم الحرام کے سلسلے میں اجلاس ہوا جس میں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، عزیز کاکڑ، حاجی قائد اچکزئی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

25 فیصد کوٹہ کی بحالی، میڈیا کی سینٹرل پالیسی ختم کی جائے، ایکشن کمیٹی

وفاقی حکومت کی پالیسیوں کے باعث علاقائی اخبارات مسائل کا شکار ہوچکے، 25 فیصد کوٹہ کی کٹوتی قدغن لگانے کے مترادف ہے

وفاقی حکومت نے مسائل حل نہ کیے تو اپنے جائز مطالبات کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کیساتھ مشترکہ احتجاجی تحریک کا آغاز کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین عبدالغفار لانگو کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اخبارات اور جرائد کے مدیران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جنرل سیکرٹری مرتضیٰ ترین نے اجلاس کے شرکاء کو ایکشن کمیٹی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نواب اکبر بگٹی نے کبھی بھی ملک کے مخالف اقدام نہیں اٹھایا، ایاز لانگو

نواب اکبر خان بگٹی اپنی ذات میں ایک انجمن تھے جنکی کمی شدت سے محسوس کی جاتی رہے گی، بلوچستان کے مسائل کا حل یہاں کے عوام کو انکے حقوق دینا ہے

انکا جینا مرنا پاکستان میں تھا، نواب اکبر خان بگٹی اپنی ذات میں ایک انجمن تھے جنکی کمی شدت سے محسوس کی جاتی رہے گی، ارکان بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے ارکان نے نواب اکبر خان بگٹی کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی ارکان اسمبلی نے کہا ہے کہ نواب اکبر خان بگٹی نے کبھی بھی ملک کے مخالف اقدام نہیں اٹھایا انکا جینا مرنا پاکستان میں تھا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پورالی ندی میں شدید طغیانی و سیلاب ریلہ داخل ندی کا پانی قریبی گوٹھ وڈیری بھٹ میں داخل ہوگیا، حسن وقار چیمہ

تقریباً 65 افراد سیلاب میں پھنس گئے سیلاب میں پھنسے لوگوں کو ریسکیو کیلئے ضلعی انتظامیہ نے ریسکیو کا کام شروع کردیا ہے، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

لسبیلہ (ش ن) پورالی ندی میں شدید طغیانی و سیلاب ریلہ داخل ندی کا پانی قریبی گوٹھ وڈیری بھٹ میں داخل ہوگیا جس کے سبب تقریباً 65 افراد سیلاب

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کراچی، رواں سال مون سون سیزن میں 30 افراد جاں بحق ہوئے، سندھ حکومت

6 جولائی سے 25 اگست تک ملیر میں سب سے زیادہ 9 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ 4 افراد ٹرانسفارمر اور 2 مقامات کو نقصان پہنچا

بارش میں سب سے زیادہ 14 اموات کرنٹ لگنے سے ہوئیں جبکہ 10 افراد چھت یا دیوار گرنے سے جاں بحق ہوئے، اعداد و شمار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں رواں سال مون سون کے سیزن کے دوران بارشوں کے نتیجے میں اب تک کرنٹ لگنے سمیت مختلف حادثات میں 30 افراد زندگی کی بازی ہار گئے جبکہ 5 زخمی بھی ہوئے۔ صوبائی حکومت کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 6 جولائی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کوہلو کے اعلامیہ کے مطابق کوہلو میں پولیو مہم موثر انداز میں اختتام پذیر ہوگیا ہے

کوہلو (ش ن) ضلعی انتظامیہ کوہلو کے اعلامیہ کے مطابق کوہلو میں پولیو مہم موثر انداز میں اختتام پذیر ہوگیا ہے مہم کے دوران کوہلو کے تین تحصیلوں کوہلو، کاہان، ماوند سمیت ضلع کے مختلف علاقوں میں 32846 سے زائد

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر







روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

27 اگست 2020ء

سی پیک میں بلوچستان کیلئے مزید منصوبے

سی پیک میں بلوچستان کے لئے مزید ترقیاتی منصوبے شامل کئے جائیں گے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات اور چیئرمین سی پیک اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے بلوچستان سرمائیہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو سے ملاقات کے دوران کیا کہ بلوچستان سی پیک کے منعدد منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے جبکہ صوبے کے لئے مزید منصوبے بہت جلد سی پیک میں شامل کئے جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ سی پیک پاکستان اور بلوچستان کی تقدیر بدل دے گا۔ چیئرمین سی پیک اتھارٹی نے بتایا کہ ماہی گیری کے لئے ایک الگ اسپیشل زون بنانے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ عاصم سلیم باجوہ کا کہنا ہے کہ سی پیک بلوچستان اور پاکستان کی ترقی کی اساس ہے۔ اس سے قبل انھوں نے اپنے ٹویٹر پیغام کے ذریعہ بھی بتایا کہ جیوبی بلوچستان میں سی پیک منصوبوں پر تیزی سے کام ہو رہا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ خضدار تالبیلہ 110 کلومیٹر دورویہ سڑک پر تعمیری کام تیزی سے جاری ہے۔ علاوہ ازیں N-30 شاہراہ پر کام 2019 میں شروع ہوا جو 20 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ اسکی تکمیل کے بعد خضدار N-85 سے مربوط ہو جائے گا۔ اور گوادر تک رسائی آسان ہو جائے گی۔ چیئرمین سی پیک اتھارٹی کے مطابق گوادر بندرگاہ اور ائرپورٹ پوری طرح فعال ہے اور افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کو گوادر منتقل کیا جا رہا ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ گوادر کی ترقی میں مقامی آبادی کی زیادہ سے زیادہ شراکت کو یقینی بنانے پر بھرپور توجہ دی جا رہی ہے۔ مقامی نوجوانوں کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ ترقیاتی منصوبوں سے پوری طرح استفادہ کر سکیں۔ ماضی میں اہالیان بلوچستان کو ایک بڑی شکایت تھی کہ سی پیک میں سب سے زیادہ کردار بلوچستان کا ہونے کے باوجود ترقیاتی منصوبوں میں بلوچستان کا شیئر نہ ہونے کے برابر ہے۔ خود وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے پرسراقتدار آنے کے فوراً بعد کہا تھا کہ ماضی کے پانچ سالوں میں بلوچستان میں سی پیک کے تحت ایک کلومیٹر سڑک بھی تعمیر نہیں ہوئی۔ یقیناً یہ بڑی زیادتی کی بات تھی۔ گوادر کے بغیر سی پیک کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ سی پیک کے ثمرات پر بلوچستان کے ساحلی علاقوں اور عمومی طور پر بلوچستان کے عوام کا حق ہے۔

شہادت امام حسین

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار لڑکیاں تھی۔ حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم اور

میر افسر امان

حضرت فاطمہ۔ حسن اور حسین حضرت فاطمہ کے فرزند تھے۔ رسول اللہ کا فرمان ہے۔ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں۔ کیوں نہ ہو حسین خاتون جنت رسول اللہ کی لخت جگر حضرت فاطمہ کے فرزند ہیں۔ حضرت علی شیر خدا فاتح خیبر، بچوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے، جنگ بدر میں قریش کے سرداروں کی للکار پر میدان جنگ میں مقابلے کے لیے اترنے والے، ہجرت کے موقعہ پر رسول اللہ کے بستر پر سونے والے، تاکہ لوگوں کی امانتیں واپس کو سکیں اور ہمارے پیارے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی کے صاحبزادے ہیں۔ جن کو رسول اللہ نے جنت میں نوجوانوں کا سردار کہا ہے۔ مسلمانوں کے سر کے تاج ہیں۔ حضرت امام حسین وہ سب کچھ ہیں جیسے کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا۔ عوام کے اندر مقبول اور پسندیدہ ایک خوبصورت نظم، جو ہم اکثر عقیدت سے گانے والوں سے سنتے رہتے ہیں سنیں:۔

زندگی بخش دی بندگی کو
آبروئے دین حق کی بحالی
وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیارا نواسہ
جس نے سجدے میں گردن کٹالی

رسول اللہ کو تو جنت کے پھول عام بچوں سے بھی بہت پیار کرتے تھے۔ مگر اس پیار میں اپنے پیاری بیٹی، خاتون جنت، عورتوں کی سردار اپنی لخت جگر حضرت فاطمہ کے بیٹوں، حضرت حسن اور حضرت حسین کا نمبر ایک تھا۔ جب رسول اللہ نماز پڑھ رہے ہوتے تھے اور سجدے میں ہوتے تو ننھے منھے حسنؓ اور حضرت حسین رسول اللہ کے کاندھے پر سوار ہو جاتے۔ رسول اللہ سجدے سے اٹھنے میں دیر فرماتے کہ کہیں یہ ننھے شہزادے دوسری طرف لڑک نہ جائیں۔ جب عیسائیوں کے ساتھ مباہلہ کا وقت آیا تو رسول اللہ کی آل اولاد میں حضرت حسن اور حضرت حسین بھی شریک تھے۔

مسلمانوں کے اندر سیاسی اختلاف کی بات کی جائے تو رسول اللہ نے اللہ کے حکم کے مطابق مدینہ میں مثالی اسلامی ریاست قائم کی تھی۔ اس ریاست کی ایک ایک بات واضح تھی۔ اسی پر مسلمانوں کو چلنے کی تاکید کی گئی تھی۔ پھر خلفائے راشدین نے اسی حکم پر عمل کر کے مثال قائم کی۔ مگر اس کے بعد مسلمانوں میں قبائلی سوچ نے پھر سے جنم لیا۔ اسلامی جمہوری طور پر قائم ہونے والی اسلامی خلافت کو خاندانی ملوکیت میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس کی تحقیقی رپورٹس ہماری اسلامی تاریخی کتابوں میں موجود ہیں۔ اسی خرابی کی وجہ سے اسلامی تاریخ میں حضرت امام حسین کی شہادت کا عظیم واقعہ رونما ہوا۔ حضرت امیر معاویہ کی طرف سے نامزد کردہ جانشین یزید کے عہد میں وہ بدترین نتائج تک پہنچ گئی۔ پہلا واقعہ سیدنا حسین کی شہادت کا ہے۔ حضرت حسین کے یزید کے خلاف خروج کو کسی بھی صحابی اور تابعین نے ناجائز نہیں کہا۔ صحابہ میں جس کسی نے بھی حضرت حسین کو نکلنے سے روکا تھا وہ اس بنا پر تھا کہ تدبیر کے لحاظ سے یہ اقدام نامناسب ہے۔ یزید کی حکومت اگر کہے کہ یہ بغاوت ہے۔ تو بھی امر واقعہ یہ ہے کہ حسین کے ساتھ خروج کے لیے کوئی فوج تو نہیں تھی۔ صرف ۳۲ سوار اور ۴۰ پیادے تھے۔ اسے کوئی بھی شخص فوجی چڑھائی نہیں کہہ سکتا؟۔ حضرت حسین کے مقابلے میں چار (۴) ہزار کی باقاعدہ فوج عمر بن سعد بن ابی وقاص کے ساتھ بھیجی گئی تھی۔ اس فوج کو چند لوگوں سے لڑائی کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ وہ ان کا محاصرہ کر کے گرفتار کر سکتے تھے۔ حضرت حسین نے ان سے آخری وقت تک یہ کہا تھا کہ مجھے واپس جانے دو۔ کسی سرحد کی طرف نکل جانے دو یا پھر مجھے یزید کے پاس لے چلو۔ لیکن اس میں کوئی بھی بات نہیں مانی گئی۔ کہا گیا کہ آپ کو گورنر عبیداللہ بن زیاد کے پاس کوفہ جانا ہوگا۔ جبکہ حضرت حسین عبیداللہ بن زیاد کے پاس جانے کے لیے تیار نہیں تھے۔ یہ مسلم بن عقیل کے ساتھ جو کچھ وہ کر چکا تھا حضرت حسین کو معلوم تھا۔ مگر شاہ سے زیادہ شاہ کے وفاداروں نے وہی کیا جس کی وجہ سے ساری عمر کے لیے بدنامی اپنے سر لے لی۔ حسین کے قافلے سے جنگ کی۔ جب حسین کے قافلے کے سارے لوگ شہید کر دیے گئے۔ حسین میدان جنگ میں تنہا رہ گئے۔ اس وقت بھی ان پر حملہ کیا گیا۔ جب زخمی ہو کر گر پڑے تو اس وقت ان کو ذبح کیا گیا۔ ان پر گھوڑے دوڑا ان کو روندا گیا۔ اس کے بعد ان تمام شہدائے کربلا کے سر کاٹ کر کوفہ لے گئے۔ ابن زیاد نے ان کی برسر عام نمائش کی، بلکہ جامع مسجد میں منبر پر کھڑے ہو کر اپنی بہادری کا اعلان کیا۔ پھر یہ سارے سر یزید کے پاس دمشق بھیجے گئے۔ اس نے

۲۰ بھرے دربار میں ان کی نمائش کی۔

خلافت کس کا حق ہے کے شروع کے سیاسی اختلاف نے آہستہ آہستہ مذہبی اختیار کر لیا۔ دو مستقل فرقے وجود میں آ گئے۔ پھر کشت وخون کا آغاز ہوا۔ امت مسلمہ کی وحدت کو نقصان پہنچا۔ مسلمانوں کے لیے ہر دور کا پیغام ہے ابلیس شیطان انسان کا ازلی دشمن اسے لڑا کر ہی چھوڑتا ہے۔ مگر ساتھ ساتھ قرآن شریف میں اللہ کے احکامات بھی بھی روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ اللہ کا حکم ہے کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور تفرقوں میں نہ بٹو ورنہ تمھاری ہوا اکھڑ جائے گی۔ رسول اللہ نے فرمایا میں تمھارے درمیان اللہ کی کتاب اور اپنی سنت چھوڑے جاتا ہوں۔ اس پر عمل کرو گے تو فلاح پاؤ گے۔ علامہ شیخ محمد اقبال شاعر اسلام جو سب مسلمانوں میں یکساں مقبول ہیں۔ اسے طرح بیان کرتے ہیں:۔

فرقہ بندی ہے کہیں، اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

اللہ تعالیٰ ہر وقت حاضر وموجود ہے۔ اب بھی کوئی مرد حق لوگوں کو اللہ کی طرف بلائے تو خلافت اور اتحاد بین المسلمین پھر سے قائم ہو سکتا ہے۔ اس لیے انسانیت کو پھر سے اسلامی خلافت کی طرف گامزن ہونا چاہیے۔ مسلمان اس کا ہراول دستہ ہیں۔ پھر اللہ پہلے والی شان وشوکت بھی عطا فرمائے گا۔ اللہ کبھی نہ کبھی اپنی جلک، حضرت عمر بن عبدالعزیز کی شکل میں، کبھی یہ تاجدار اعظم کی شکل میں۔ کبھی یہ امام خمینی کی شکل میں اور کبھی امام سید ابوالاعلیٰ مودودی وغیرہ کی شکل میں ظاہر کرتا رہتا ہے۔ وقت کے مجدد سید ابوالاعلیٰ مودودی نے انسانیت کو پھر سے حکومت الہیا خلافت نظام مصطفےٰ اسلامی نظام حکومت، نام کچھ بھی کی طرف بلانے کی بنیاد، ۱۹۴۱ء میں جماعت اسلامی کے نام سے رکھی تھی۔ غیر مسلموں میں چند رجال کے علاوہ کوئی بھی اس تحریک کے قریب نہیں آیا۔ مسلمانوں نے اسے مشکل اور ناممکن سمجھا۔ مگر یہ قافلہ سخت جان اب بھی مصروف عمل ہے۔ دیکھیں اللہ کب اپنا کرشمہ دکھاتا ہے۔ جابر اور اللہ کے باغی مسلم حکمرانوں کے سامنے وہی حضرت امام حضرت حسین والا جذبہ اختیار کرنا پڑے گا۔ فتح یا شہادت۔ اللہ مسلمانوں کی مدد فرمائے آمین۔

ایف اے ٹی ایف عالمی قوتوں کا پوشیدہ 'ڈومور سیاسی' ہتھیار

قادر خان یوسف زئی

پاکستان کے خلاف فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کے پلیٹ فارم کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے، بعض ممالک کی جانب سے مملکت کے خلاف منظم پروپیگنڈا مہم ان تحفظات کو یقینی بناتی ہے کہ پاکستان کو بلیک لسٹ میں شامل کرنے کے لئے منصوبہ بندی اور ایک ایسی فضا بنانے کی سازش کی جاتی ہے جس میں ریاست کی جانب سے انتہا پسندی، دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو پس منظر میں دھکیلنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ چونکہ پاکستان اس دباؤ کی وجود کو سمجھتا ہے اس لئے بلیک لسٹ سے بچاؤ کے لئے عالمی ادارے کے 'ڈومور' کا توڑ کرنے کے لئے عملی اقدامات کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ دنیا کی کوئی ایسی مملکت نہیں جس میں دہشت گردی اور منی لانڈرنگ کرنے والے عناصر موجود نہ ہوں، لیکن پاکستان کی جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر عالمی قوتوں نے اپنے مفادات کے لئے مختلف پلیٹ فارمز کو ریاست پر دباؤ ڈالنے کے لئے استعمال کرنے کی روش جاری رکھی ہوئی ہے۔ پیرس اکتوبر 2019 اجلاس میں پاکستان کو فروری 2020 تک مہلت دی گئی تھی تاہم کرونا صورتحال کی وجہ سے غیر معینہ مدت اگلا اجلاس ملتوی ہوا اور پاکستان کو مزید مہلت ملی کیونکہ عالمی سطح پر کرونا کی بدترین صورتحال کی وجہ سے اجلاس کی تاریخ بڑھا دی گئی تھی۔ پاکستان نے 19 اگست کو باقی ماندہ 13 سفارشات پر جامع رپورٹ میاں میں جمع کرا دی ہے جس پر فیصلہ اکتوبر 2020 کے اجلاس میں کیا جائے گا۔

پاکستان نے کرونا صورتحال سے نمٹنے کے علاوہ ایف اے ٹی ایف کی شرائط پر عمل درآمد کرنے کی کوشش کو موخر نہیں کیا بلکہ اپوزیشن وحزب اقتدار میں شدید اختلافات کے باوجود قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر یونائیٹڈ نیشن سیکورٹی ترمیمی بل اور انٹی ٹیرارزم ترمیمی بل کو ایف اے ٹی ایف کی حقیقی شرائط کے طور منظوری دے دی۔ مشترکہ آئینی معاونت (فوجداری معاملات) کا بل بھی اپوزیشن کی تجاویز منظور کر کے پاس کر لیا گیا۔ توقع یہی کی جا رہی تھی کہ زیر التوا قانون سازی کے بعد ایف اے ٹی ایف اپنے اطمینان کا اظہار کرے گی کیونکہ انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں مالی سہولت کاری کے مقدمات کی کاروائی میں بھی تیزی دکھائی جا رہی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ریاست نے ان کمزوریوں کو دور کرنے کی سنجیدہ کوششوں کو بڑھا دیا ہے جس کا مطالبہ ایف اے ٹی ایف کی جانب سے کیا گیا تھا اور پاکستان کو مہلت ملی تھی۔ چھتیس ممالک پر مشتمل ایف اے ٹی ایف کے چارٹر کے مطابق کسی بھی ملک کا نام بلیک لسٹ میں نہ ڈالنے کے لیے کم از کم بھی تین ممالک کی حمایت لازمی ہے۔ پاکستان کی حمایت چین، ترکی اور ملائشیا نے کی تھی، جس کی وجہ سے پاکستان کو بلیک لسٹ میں شامل نہ کیا جا سکا۔

گوجرانوالہ کی انسداد دہشتگردی عدالت نے اقتصادہ سے معینہ تعلق رکھنے والے بھی 5 دہشتگردوں کو دہشتگردی کی مالی معاونت اور دھماکہ خیز مواد رکھنے کے جرم میں 16، 16 سال کی قید سزا سنائی ہے۔ ایک دوسرے مقدمے میں انسداد دہشتگردی عدالت نے جماعت الدعوۃ کے سربراہ حافظ سعید اور ان کے برادر نسبتی حافظ عبدالرحمن مکی اور ان کی تنظیم سے تعلق رکھنے والے دیگر تین افراد پر معینہ دہشتگرد عناصر کی مالی امداد کے لئے فرد جرم عائد کر دی ہے۔ 2019 میں پنجاب کے انسداد دہشتگردی ادارے نے حافظ سعید اور جماعت الدعوۃ کے چند دیگر رہنماؤں کے خلاف صوبے بھر میں (لاہور، ملتان، فیصل آباد، سانیوال اور سرگودھا) میں 23 ایف آئی آرز درج کی۔ رواں سال جون کے مہینے میں وزیر داخلہ اعجاز شاہ نے دعویٰ کیا کہ پاکستان نے ایف اے ٹی ایف کی بہت سی شرائط پر عمل درآمد کر لیا ہے اور ان کی وزارت نے کالعدم جماعتوں کی 976 قابل انتقال وناقابل انتقال جائیدادوں کو حکومتی تحویل میں لے لیا ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے سکولز، کالجز، ہسپتال، ڈسپنسریاں، ایمبولینسز جو کہ کالعدم تنظیموں کی ملکیت تھیں انہیں بھی حکومتی تحویل میں لے لیا گیا۔

وزارت داخلہ کی جانب سے معینہ الزامات سے قطع نظر حکومتی پالیسی سازوں کو اس معیار کو مملکت میں قانون کی شفافیت برقرار رکھنے کے لئے بیرونی دباؤ کو نظر انداز کرنا ہوگا، کیونکہ انتہا پسندی نے پاکستان کو جتنا نقصان پہنچایا ہے اس کا شکار علاقے کے دیگر ممالک نہیں ہوئے، منی لانڈرنگ وانتہا پسندوں کو دہشت گردی کے لئے فنڈنگ کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن رد الفساد کے تحت کاروائیاں پہلے بھی کی جا رہی تھی تاہم دونوں ایوانوں میں قانون سازی کے بعد ضرورت اس امر کی ہو جاتی ہے کہ جو قانونی کاروائی ہو اس سے یہ تاثر نہیں جانا چاہیے کہ مخصوص دباؤ کے تحت مخصوص شخصیات کے خلاف اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

چین نے ایف اے ٹی ایف کی جانب سے پاکستان پر بڑھتے دباؤ پر اپنے تحفظات (جاری ہے)

بابا فرید الدین

شہنشاہ ہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری نے جس نوجوان طالب حق کے لیے کہا تھا کہ یہ ایسی شمع ہے جس کی روشنی درویشوں کے

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

گھروں کو منور کرنے والی ہے یا یہ وہ شہباز ہے جس کی پرواز آسمانوں میں ہو گئی آپ کا نام حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر ہے۔ آپ برصغیر پاک وہند کے روحانی پیشواں میں اعلیٰ مقام رکھتے ہیں آپ چشتیہ سلسلہ کے ان عظیم بزرگوں میں سے ایک ہیں جن کی روحانی عظمت اور کردار وعمل سے ہند کدہ ہند میں وحدانیت کا نور پھیلا آپ کی تعلیمات اور کشف وکرامات سے لاکھوں بت پرست شرک وبدعت کے اندھیرے سے نکل کر نور وحدانیت میں نہا گئے، عالم بادشاہوں کے دور میں غریبوں مسکینوں کی آپ کی آخری پناہ گاہ تھے آپ کے مقام اور جلال کا یہ عالم تھا کہ سلاطین دہلی ننگے پاں دامن مراد پھیلائے آپ کے در پر غلاموں کی طرح حاضر ہوئے تاریخ کے اوراق ایسے لاتعداد واقعات سے بھرے پڑے ہیں جب کسی مظلوم نے آخر مدد چاہی تو آپ نے شاہان وقت سے فوری انصاف لے کر دیا آپ نے دہلی شہر کو چھوڑ کر جنگل بیابان میں اس لیے ڈیرے جمائے کہ غربت جہالت میں ڈوبی مخلوق کے لیے صراط مستقیم کا سبب بن سکیں بابا فرید کابل کے بادشاہ فرخ شاہ کی اولاد میں سے تھے جو حضرت عمر فاروق کی اولاد میں سے تھے بابا فرید کے والد محترم مولانا کمال الدین سلیمان ساتویں واسطے سے فرخ شاہ بادشاہ قابل کے فرزند اور چھبیویں واسطے سے جناب حضرت عمر فاروق کی اولاد میں سے تھے۔

کمال الدین کی والدہ محترم سلطان محمود غزنوی کے خاندان سے تھیں بابا فرید الدین گنج شکر کی ولادت 582 ہجری میں قصبہ کوتوال ضلع ملتان میں ہوئی ابھی آپ زندگی کے صرف پانچویں سال میں تھے کہ والد کا شفیق سایہ سر سے اٹھ گیا اسطرح فرید الدین مسعود کی یتیمی کا دور شروع ہو گیا۔ آپ کی نیک عابدہ پارسا والدہ قرسم خاتون اللہ کی رضا میں خوش تھیں قرسم خاتون کے بطن سے تین بیٹے حضرت فرید الدین مسعود، حضرت اعزاز الدین محمود اور حضرت نجیب الدین متوکل پیدا ہوئے آپ کی ایک بیٹی باجرہ بھی تھیں جس کی آغوش شفقت میں تاریخ تصوف کے پر جلال انوکھے بے نیاز حضرت صابر کلیری نے آنکھ کھولی، قرسم خاتون جی نیک عورت نے ان چاروں بچوں کی پرورش عبادت ریاضت اور توکل کی چھاں میں اس عظیم نیک خاتون کے بچے بڑے ہو کر اسلام کے روشن ستارے بنے فرید الدین مسعود کو بابا فرید شکر گنج بھی کہا جاتا ہے۔ آپ کا لقب اسطرح آپ کے نام سے جڑا کہ نام کا حصہ بن کر رہ گیا اور آپ اسی نام سے خاص وعام میں مشہور ہوئے تذکروں گنج شکر کی وجہ تسمیہ اسطرح بیان کی جاتی ہے کہ والدہ ماجدہ ننھے فرید الدین کو بچپن سے ہی نماز کی تلقین فرمایا کرتیں کہ فرید نماز پڑھا کرو اس سے رب تعالیٰ خوش ہوتا ہے پھر وہ اپنے عبادت گزار بندوں کو بہت سارے انعامات سے نوازتا ہے فرید الدین بچے اور معصوم تھے اس لیے والدہ سے پوچھتے اللہ انعام میں کیا دیتا ہے تو والدہ فرماتیں اللہ تعالیٰ بچپن میں نماز کا انعام شکر دیتا ہے لیکن جب بچے بڑے ہو جائیں تو پھر شکر کی جگہ اور بہت سارے انعامات عطا کرتا ہے ننھے فرید الدین مسعود اب دل لگا کر پابندی سے نماز پڑھتے اب جب وہ ادھر ادھر ہوتے تو والدہ ماجدہ مصلے کے نیچے شکر کی پڑیا رکھ دیتیں تاکہ فرید شکر کو پا کر اور ذوق شوق سے نماز پڑھا کریں حضرت بابا فرید نماز کے بعد مصلے کے نیچے سے شکر کی پڑیا پا کر بہت خوش ہوتے اللہ کا انعام سمجھ کر اٹھا کر کھاتے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے یہ سلسلہ کامیابی سے کئی مہینوں تک چلتا رہا ایک دن زیادہ مصروفیت کی وجہ سے والدہ محترمہ بابا فرید کے مصلے کے نیچے شکر کی پڑیا رکھنا بھول گئیں اگلے دن پریشانی میں ننھے فرید کو بلا کر پوچھا کیا تم کو کل مصلے کے نیچے سے شکر کی پڑیا ملی آپ کے دل میں خوف تھا کہ شکر کی پڑیا نہ پا کر ننھا فرید کیا سوچ رہا ہوگا لیکن اس وقت خوشگوار حیرت ہوئی جب ننھے فرید نے کہا ہاں مجھے مصلے کے نیچے سے ہمیشہ کی طرح شکر کی پڑیا ملی ہے۔

ننھے فرید کے منہ سے یہ بات سن کر ماں کی آنکھوں میں شکرانے کے آنسو آ گئے کہ کس طرح خدائے بزرگ وبرتر نے ماں کی لاج رکھ لی میرے بھولنے پر خود وہاں پر شکر رکھ کر اس کی عزت بچائی والہانہ انداز میں فرید الدین مسعود کو گلے سے لگا کر کہا میرا فرید تو گنج شکر ہے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ آپ ریاضت مجاہدے اور نفس کشی کے لیے اکثر روزے سے رہتے تھے متواتر روزے رکھتے تھے ایک بار اسی طرح متواتر روزے جاری تھے ایک روز افطاری کے لیے کچھ بھی پاس نہ تھا تو آپ نے شدید پیاس اور بھوک کے عالم میں ایک پتھر کا ٹکڑا منہ میں رکھ لیا خدا کی قدرت اور کرم خاص سے پتھر کا ٹکڑا منہ میں جاتے ہی شکر کی ڈلی میں بدل کر منہ میں شیرینی گھولنے لگا جب اس واقعہ کا پتہ آپ کے مرشد کو ہوا تو وہ بے اختیار بولے اٹھے فرید الدین واقعی گنج شکر ہے ایک اور روایت اس طرح بیان کی جاتی ہے کہ ایک بار آپ نے متواتر سات روزے رکھے مسلسل فاقہ کشی اور روزوں کی وجہ سے کمزوری اور نقاہت بہت بڑھ گئی تھی اس حالت میں مرشد کی یاد بہت ستانے لگی تو آپ اپنے مرشد سے ملنے کے لیے ان کی طرف روانہ ہوئے راستے میں شدید کمزوری فاقہ کشی کی وجہ سے لڑکھڑا کر کیچڑ میں گر پڑنے گرنے کی وجہ سے کیچڑ کی مٹی منہ میں چلی گئی جو مٹی نہ رہی بلکہ شکر بن گئی پھر آپ نے جا کر مرشد کریم کو یہ واقعہ سنایا تو مرشد بہت خوش ہوئے فرید تم عبادت وریاضت مجاہدے کے بعد کثافت سے لطافت کا پیکر بن چکے ہو اب تم حالت کن فیکون میں بارگاہ الٰہی میں مقبول بندوں میں شامل ہو گئے ہو اسی وجہ سے جو مٹی تمہارے منہ میں گئی وہ خدا کی قدرت سے شکر بن گئی آج سے تم گنج شکر ہو۔

ایک اور روایت اسطرح ہے کہ ایک سوداگر اونٹوں پر شکر لاد کر ملتان سے دہلی جا رہا تھا جب وہ بابا جی کے پاس سے گزرا تو بابا فرید نے پوچھا اونٹوں پر کیا لے کر جا رہے ہو تو سوداگر نے یہ سوچ کر کہ کہیں آپ شکر مانگ ہی نہ لیں کہا اونٹوں پر نمک ہے تو بابا جی بولے نمک ہی ہوگا جب وہ سوداگر منزل پر پہنچا تو سامان اتروا کر دیکھا تو ساری شکر نمک بن چکی تھی اب پریشان حال بابا جی کے پاس آیا اپنی غلطی کی معافی مانگی تو بابا فرید فرمانے لگے ٹھیک ہے اگر شکر تھی تو اب شکر ہی ہوگی آپ کے روحانی تصرف سے سارا نمک پھر شکر بن گیا بابا فرید دوران ریاضت پہاڑی غار میں چلہ کش تھے پیاس لگی تو کنویں پر جا کر دیکھا ڈول نہ پا کر مایوس ہوئے اتنی دیر میں ہرن آیا جن کے آنے پر پانی کی سطح بلند ہو گئی ہرن نے پانی پیا چلا گیا تو پانی پھر نیچے چلا گیا یہ منظر دیکھ کر فرید الدین سوچنے لگے کہ آسمان سے آواز آئی اے فرید تم نے ڈول پر بھروسہ کیا جبکہ ہرن نے مجھ پر بھروسہ کیا اس لیے تم محروم اور ہرن پانی پی گیا سخت پریشان شرمندہ ہو کر نفس کشی کی خاطر اسی کنویں میں چالیس روز تک چلہ معکوس کیا پانی کا قطرہ بھی منہ میں نہ ڈالا سخت وریاضت کے بعد جب چلہ ختم ہوا تو منہ میں مٹی ڈال لی جو شکر بن گئی تو غیب سے ندا آئی اے فرید تیری عبادت ہم نے قبول کی تجھے اپنے لیے منتخب کیا اور میٹھے بولنے والوں میں تجھے مٹھاس کا خزانہ بنا دیا اس طرح آپ گنج شکر کے نام سے قیامت تک کے لیے امر ہو گئے۔

دودھ نما سفید زہر (آخری قسط)

دودھ کی فروخت کے نام پر مکروہ دھندہ کرنے والے عناصر نے محض پیسے کمانے کی خاطر اپنے گھروں میں دودھ کی مشینیں لگا رکھی ہیں۔ یہ بے ضمیر لوگ انتہائی

رانا اعجاز حسین چوہان

سستے داموں غیر معیاری کھلا خشک دودھ خرید کر ایک کلو پاؤڈر میں 16 سے 18 لٹر پانی ملا کر دودھ تیار کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ دودھ کی مقدار کو بڑھانے، گاڑھا کرنے اور خاص شکل میں لانے کے لیے سرف، گھی، میٹھا سوڈا، چینی، سوڈیم کلورائیڈ، یوریا کھاد، ڈیٹرجنٹ پاؤڈر، پوٹاشیم بائیڈروآکسائیڈ، سوڈیم بائیڈروآکسائیڈ اور نمک کا آٹا استعمال کرتے ہیں، اور ایک من دودھ میں ایک پاؤ کھویا، سنگھاڑوں کا آٹا، ارارروٹ ملا کر دودھ کی قدرتی مٹھاس اور ذائقہ برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس طرح 2 من بھینسوں کا دودھ حاصل کر کے غیر معیاری ذرائع سے 10 سے 12 من دودھ میں تبدیل کر دیا جاتا ہے، اور پھر یہ دودھ معروف ہوٹلوں، بڑی بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کے علاوہ رہائشی علاقوں میں چلر میں، اور گلی گلی گھر گھر فروخت کیا جاتا ہے۔ اس طرح خالص دودھ کی فروخت کے پردے میں اردگرد دودھ کے ساتھ ایک کلو دودھ فری کا پیکج بھی دیتے نظر آتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھینسوں کے دودھ میں اضافے کیلئے بھی انجکشن استعمال کیا جاتا ہے۔ جو کہ کسی بھی میڈیکل سٹور سے 20 روپے میں باآسانی دستیاب ہوتا ہے، 50 سی سی انجکشن کی 2 سی سی مقدار بھینس کو دے کر کسی بھی وقت بھینسوں سے مطلوبہ مقدار دودھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اسی طرح فیکٹریوں اور پلاسٹک کے ڈرموں کے ذریعے سپلائی کئے جانے والے دودھ کو زیادہ دیر تک محفوظ بنانے کے لئے اور فیکٹریوں میں موجود بدبو کو ختم کرنے کے لئے کافور اور کیمیکل استعمال کیا جاتا ہے۔ جبکہ فیکٹریوں کے اندر صفائی پر بھی خاص دھیان نہیں دیا جاتا۔ مگر تعجب کی بات ہے کہ ان عناصر کو حوصلہ شکنی میں حکومتی ادارے چشم پوشی اختیار کئے نظر آتے ہیں۔ اب کچھ عرصے سے پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹ مافیا کے خلاف اور اشیائے خورد ونوش کا معیار بہتر بنانے کے لئے حرکت میں آئی ہے جس کے جرمانوں کے بعد بیکریوں اور ہوٹلوں میں صحت وصفائی کا معیار کسی حد تک بہتر ہوا ہے لیکن ایسے غیر انسانی فعل پر ملاوٹ مافیا کو محض تھوڑا بہت جرمانہ یا عارضی طور پر ان کا کاروبار بند کیا جانا کافی نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں عبرتناک سزائیں دی جائیں اور اس سلسلے میں مذید سخت قانون بنایا جائے تاکہ انسانی زندگیوں سے کھیلنے والوں کا قلع قمع ہو سکے۔ اگر بددیانتی کی سزا سزائے موت مقرر کر دی جائے اور ایسے غیر انسانی فعل پر محض چند افراد کو تختہ دار پر لٹکا دیا جائے تو بگڑے معاشرے کی صورتحال خود بخود ٹھیک ہو سکتی ہے، بلاشبہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی ادارے دودھ فروخت کرنے والوں کے دودھ کے معیار کو چیک کریں اور مضر صحت دودھ فروخت کرنے والوں کیخ کردار تک پہنچائیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

تحصیل چھتر کی پسماندگی اور حکومتی اقدامات

اختر منگی انفارمیشن آفس نصیر آباد

مناسبت سے علاقے کا نام چھتر مشہور ہوا ہے یہ علاقہ کلپوڑا دور حکمرانی میں بھی شامل اور بھی کا حصہ رہا ہے علاقہ چھتر 53 مواضعات پر مشتمل ہے۔ ضلع نصیر آباد کے قیام کے دوران چھتر پٹی اور میر حسن کا علاقے ضلع نصیر آباد کا حصہ ہے۔ 1986 میں سب تحصیل چھتر کو سب ڈویژن کا درجہ دیا گیا جہاں پر پہلے اسسٹنٹ کمشنر، نائب تحصیلدار کے دفاتر قائم تھے پہلے یہ سارا علاقہ لیویز کے دائرہ اختیار میں تھا علاقے کے تمام امن وامان کی ذمہ داریاں اسسٹنٹ کمشنر اور نائب تحصیلدار کے سپرد تھیں سال 2006 میں علاقے میں امن وامان پر کا سلسلہ پیدا ہوگا تو علاقے میں ایف سی کی مدد حاصل کی گئی تاکہ اس علاقے میں امن وامان کو مکمل طور پر بحال کیا جا سکے تحصیل چھتر کی کل آبادی 80 ہزار سے زائد ہے یہاں پر 5 ہائی اسکول قائم ہیں جبکہ پانچ مڈل اسکول جن میں بچے اور بچیاں زیر تعلیم ہیں یہاں کی عوام کا ذریعہ معاش گلہ بانی سے وابستہ ہے کیونکہ نہری سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے زرعی پانی اور پینے کے پانی کے حصول کا واحد ذریعہ زیر زمین سے پانی حاصل کرنا ہے اسی لئے تحصیل چھتر اور اس کے ملحقہ علاقوں کے کسانوں نے اپنی مدد آپ

شال بقیہ 1

سوالات کے دوران پشتونخوا عوامی پارٹی کے رکن اسمبلی نصراللہ زیرے، بی این پی کے رکن اسمبلی اختر حسین لانگو نے قیدیوں کیلئے سہولیات کی عدم فراہمی پر انکوائری کمیٹی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ جیل خانہ جات میں اصلاحات لانے کی اشد ضرورت ہے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر اصلاحات لائی جاری ہے اس سلسلے میں کابینہ کی کمیٹی بنائی جاری ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ کو فیملی منتقل کرنے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے اراکین اسمبلی کے ہمراہ جیلوں کا دورہ کرینگے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ جیل میں اصلاحات محکمہ داخلہ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کرنے کی رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ جیل مینول میں راشن کے حوالے سے تبدیلی کا فیصلہ کابینہ کرے۔ اجلاس میں بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں وزیر برائے محکمہ مذہبی امور کی جگہ پارلیمانی سیکرٹری وصنیش کمار نے بلوچستان وقف املاک کا مسودہ قانون مصدرہ 2020ء (مسودہ قانون نمبر 2) کو بلوچستان اسمبلی کے قواعد انضباط کار مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 84 اور 85 سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، اس موقع پر اپوزیشن کی جانب سے شدید احتجاج کرتے ہوئے ثناء بلوچ، ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، نصراللہ زیرے نے کہا کہ گزشتہ شب اچانک پتہ چلا کہ اجلاس ہے آج جو قانون سازی کی جاری ہے اس کے متعلق کسی کو علم نہیں یہ عوام کو گمراہ رکھنے اور اسمبلی قوانین کو بلڈوز کرنے کے مترادف ہے۔ اس موقع پر اپوزیشن ارکان نے اجلاس سے احتجاجاً واک آؤٹ بھی کیا جبکہ اسی اثناء میں پارلیمانی سیکرٹری وصنیش کمار نے بلوچستان وقف املاک کا مسودہ قانون مصدرہ 2020ء (مسودہ قانون نمبر 2) کو منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیا جسے ایوان نے منظور کرلیا، اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری وصنیش کمار نے وزیر برائے محکمہ مذہبی امور کی جگہ بلوچستان ٹرسٹ کا مسودہ قانون مصدرہ 2020ء مسودہ قانون نمبر 3 کو ایوان میں پیش کیا جسے ایوان نے منظور کرلیا جبکہ صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک اچکزئی نے کوآپریٹیو سوسائٹیز بلوچستان کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2020ء مسودہ قانون نمبر 4 مصدرہ 2020ء ایوان میں پیش کیا جو ایوان نے منظور کرلیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ وقبائلی امور میر ضیاء اللہ لانگو نے آئینی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 144 کے تحت مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کو اختیار دیتا ہے کہ وفاقی حکومت قومی آفات سے نمٹنے کے قانون 2010ء میں ضروری ترامیم کرے جس کی ایوان نے منظوری دی۔ اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے بی این پی کی رکن شکیلہ نوید دہوار نے ژوب میں بیوٹمز کے سب کیمپس کے کام کی بندش پر ایوان کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ژوب میں بیوٹمز کے کیمپس کی تعمیر کے ٹینڈر بھی ہوچکے ہیں لیکن وہاں پر فائرنگ رینج بنانے کی وجہ سے کام بند کروادیا گیا ہے جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں میں غم وغصہ پایا جاتا ہے لوگ اپنی زمین فائرنگ رینج کیلئے دینے کو تیار ہیں لہٰذا حکومت فوری طور پر یونیورسٹی کے تعمیر کے کام کو فوری طور پر شروع کروائے۔ اس موقع پر پشتونخوا میپ کے رکن اسمبلی نصراللہ زیرے نے کہا کہ وفاقی محکموں میں صوبے کے جعلی لوکل وڈومیسائل پر 50 فیصد سے زائد آفیسران اور ملازمین بلوچستان کے کوٹے پر تعینات ہیں صوبائی حکومت نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو جعلی لوکل اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق کرنے کی ہدایت کی ہے تاہم اس پر صحیح معنوں میں عملدرآمد نہیں ہورہا ہے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر لورالائی شہریوں سے کی صحافیوں کو اس ضمن میں معلومات فراہم نہیں کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت ضلعی آفیسران کو پابند کیا جائے۔

شال بقیہ 2

بھر سے آئے ہوئے نوجوان کھلاڑیوں کی بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت کی، وزیراعلیٰ نے اپنے خطاب میں کھیلوں کے میدان میں میرٹ اور اہلیت کے حوالے سے کہا کہ انفرادی اور ٹیم ورک کے طور پر بہترین کارکردگی کے حامل کھلاڑیوں کو اوپر لانا مینجمنٹ اور حکومت کی ذمہ داری ہے، اگر ٹیم میرٹ پر منتخب نہ ہوتو کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی، یہ مسابقت کا دور ہے، میرٹ ہوگا تو ترقی ہوگی اور پورا معاشرہ کامیاب ہوگا، وقت آگیا ہے کہ ہم ایسے فیصلے کریں جن سے معاشرہ، نسلیں اور ملک بنے، انہوں نے کہا کہ جب ہم اپنی انفرادی زندگی کے لئے چھوٹے سے چھوٹا فیصلہ بھی کرتے ہیں تو بہترین انتخاب کرتے ہیں لیکن جب اجتماعی فیصلوں کی بات ہو تو مصلحتوں کا شکار ہوجاتے ہیں، اس رجحان کو تبدیل کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارے معاشرے کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے لیکن معاشرے میں صحتمندانہ سرگرمیاں نہ ہونے کے برابر ہیں جو ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لئے ضروری ہیں، ماضی میں کھیلوں کے شعبے اور نوجوانوں کو صحتمندانہ سرگرمیوں کی فراہمی کو یکسر نظر انداز کیا گیا تاہم موجودہ صوبائی حکومت آئندہ تین سالوں میں کھیل کے شعبہ اور نوجوانوں کے امور پر 15 سے 20 ارب روپے خرچ کرے گی جو کہ ایک جعلی ریکارڈ ہوگا، یہ اقدام ہماری مقبولیت کے لئے نہیں بلکہ ضرورت کے لئے ہے، ہر ضلع میں اسپورٹس اور کلچرل کمپلیکس تعمیر کئے جارہے ہیں، کوئٹہ میں سات منی اسپورٹس کمپلیکس اور فٹسال اسٹیڈیم تکمیل کے مراحل میں ہے جن سے نہ صرف نوجوان بلکہ بچے، خواتین اور بوڑھے بھی مستفید ہوسکیں گے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ شعبہ کھیل ایک سائنس بن چکا ہے جس میں سہولتوں کے ساتھ ساتھ تربیت کی بھی اہمیت ہے، اپنے نوجوانوں کے ٹیلنٹ کو ابھارنے کے لئے تربیتی اکیڈمیاں قائم کرکے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی اور کھیلوں کی بنیاد پر تعلیمی اسکالرشپ بھی دیئے جائیں گے، وزیراعلیٰ نے محکمہ کھیل کو صوبہ بھر میں ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کرنے اور کھیلوں کی زیادہ سے زیادہ سرگرمیوں کے انعقاد کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ مقبول کھیلوں کے ساتھ ساتھ ایسے مقامی کھیلوں کی سرپرستی کی جائے گی جن میں ہمارے نوجوانوں کا ٹیلنٹ ہے، انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کھیلوں اور نوجوانوں کی ترقی کے لئے ہمیشہ محکمہ کھیل کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ نے صوبے میں کھیلوں کی ترقی اور ترویج کے لئے صوبائی مشیر کھیل عبدالخالق ہزارہ، سیکرٹری کھیل عمران بگٹی اور محکمہ کے دیگر افسران وابلکاروں کی کارکردگی کو سراہا، تقریب سے صوبائی مشیر کھیل عبدالخالق ہزارہ نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور میرٹ کے مطابق کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کئے جارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہر باصلاحیت کھلاڑی کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی تاکہ یہ کھلاڑی ملک اور صوبے کا نام روشن کرسکیں، قبل ازیں وزیراعلیٰ نے فاتح ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔

شال بقیہ 3

اضافہ ہوا 11 اضلاع میں 471 افراد کے کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں 104 مریضوں میں وائرس کی تشخیص ہوئی جس سے صوبے میں وائرس سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 12 ہزار 664 ہوگئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 24 گھنٹوں کے دوران 50 مریضوں کے کورونا سے مکمل صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والے مریضوں کی مجموعی تعداد 11 ہزار 510 ہوگئی ہے۔ صوبے میں کورونا ریکور کرنے والوں کی شرح 91 فیصد ہے جب کہ 1013 مریض زیر علاج ہیں اور ان کی شرح صرف 8 فیصد ہے۔ دوسری جانب بلوچستان میں کورونا سے انتقال کرنے والوں کی تعداد 141 ہے، صوبے میں اموات کی شرح ایک فیصد ہے جب کہ ابھی 203 افراد کے کیے گئے کورونا ٹیسٹ کی لیبارٹری رپورٹ آنا باقی ہے۔

شال بقیہ 4

موسمیات نے کوئٹہ، سبی، لسبیلہ، خضدار، ہرنائی، زیارت، قلات، ژوب، کوہلو، بارکھان، آواران، تربت اور گردونواح میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ مزید بارشیں، قلات، خضدار، لسبیلہ اور آواران میں موسلادھار بارش اور تیز بارش کے باعث خضدار، قلات اور اس سے ملحقہ پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے مچھ پل کا ایک حصہ حالیہ بارشوں کے باعث منہدم ہونے سے مچھ کا ملک بھر سے زمینی راستہ منقطع ہوگیا جبکہ بولان میں انتظامیہ کی جانب سے الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ بولان کے علاقے مچھ پل کے پشتے گزشتہ چار ماہ سے ختم تھے حالیہ بارشوں اور ندی میں سیلاب کے باعث اس کے پشتوں کو مزید نقصان پہنچا ہے جس سے شروع والا حصہ بیٹھ گیا۔ اس سے قبل جب مچھ پل کا ایک حصہ منہدم ہوا تھا تو اس کی مرمت میں 3 سال لگے تھے، متعلقہ محکمے کی غیر ذمہ داری سے عوام کی مشکلات اور تکالیف میں مزید اضافہ ہو گیا۔ حالیہ بارشوں کے بعد کمشنر نصیر آباد عابد سلیم کی جانب سے رین الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ کمشنر نصیر آباد کا کہنا ہے کہ بولان میں جاری بارش کے بعد بولان ندی میں سیلابی کیفیت ہے، انتظامیہ کسی بھی قسم کی صورتحال سے موثر طور پر نمٹنے کے لیے تیار ہے، تمام متعلقہ ادارے الرٹ ہیں۔ کمشنر کی جانب سے عوام کو بولان قومی شاہراہ پر غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کرنے کی اپیل بھی کی گئی ہے۔ بولان میں جاری بارش کے بعد بولان ندی میں سیلابی کیفیت کے باعث ڈپٹی کمشنر ضلع کچھی مراد خان کاسی نے عوام کو بولان قومی شاہراہ سفر پر غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کی اپیل کی اور کہا ہے کہ بولان ندی میں سیلابی ریلہ آنے کا خدشہ ہے عوام احتیاط کریں ہرنائی، شاہرگ و گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ موسلادار اور طوفانی بارش برساتی نالوں میں سیلابی ریلے ہرنائی کوئٹہ شاہراہ اور پنجاب شاہراہ پر ٹریفک عرضی طور پر معطل پہاڑی سلسلوں میں سینکڑوں گاڑیاں پھنس گئے گاڑیوں میں سوار مسافروں خصوصاً خواتین، بچوں، ضعف العمر افراد اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا محکمہ ریسکیو ڈیو ضلع ہرنائی شاہراہوں کی بحالی میں مکمل طور پر ناکام ٹرانسپورٹروں، ڈرائیوروں نے اپنی مدد آپ کے تحت سیلابی پانی رکھنے کے بعد شاہراہوں کو ٹریفک کے بحال کردیا گیا ندی نالوں میں سیلابی ریلے آنے کی وجہ سے حفاظتی بندات، قومی شاہراہوں، رابطہ پلوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے جبکہ سروتی حفاظتی بند، کلی مرزا، کلی لعل حفاظتی بند کی مستحکم بنیادوں پر عدم تعمیر کے باعث ہرنائی سٹی مکمل طور پر اور مختلف دیہات سیلاب کی زد میں ہے بارش شروع ہوتے ہی ندی نالوں کے قریب لوگوں نے اپنے بال بچوں کے ہمراہ گھر بار چھوڑ کر محفوظ مقامات پر منتقل ہونا شروع ہوگئے ہرنائی، شاہرگ میں موسلادار اور طوفانی بارش سے کچے مکانات کو بھی شدید نقصان پہنچنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہے تاہم سرکاری طور پر اس کی تصدیق نہیں کی گئی بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا اور موسم خوشگوار ہوگیا۔ دوسری جانب حب ڈیم میں پانی کی سطح مزید 4 فٹ بلند ہوگئی اور ڈیم کو مکمل طور پر بھرنے کے لیے صرف 5 فٹ تک کی سطح کا پانی درکار ہے۔ واپڈا ذرائع کے مطابق رواں سال مون سون کے چھٹے اسپیل میں کراچی اور سندھ کے علاوہ بلوچستان کے پہاڑی سلسلے میں بھی شدید بارشیں ہوئی ہیں جس سے گجشت ایریاز سے پانی کے غیر معمولی ریلے حب ڈیم پہنچ رہے ہیں۔ واپڈا ذرائع کے مطابق تین روز قبل تک حب ڈیم میں پانی کی سطح 330 فٹ پر تھی، آج صبح 9 بجے حب ڈیم میں سطح آب 334 فٹ تک پہنچ چکی تھی اور پانی کی آمد کا سلسلہ ابھی بھی جاری ہے۔ واپڈا ذرائع کا کہنا ہے کہ حب ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش صرف ساڑھے 5 فٹ رہ گئی ہے، 45 کلومیٹر تک کے رقبے پر پھیلے اور 350 فٹ لیول کے حب ڈیم میں 339 فٹ کی سطح تک پانی جمع کیا جاسکتا ہے، ڈیم بھرنے کے بعد اضافی پانی اسپیل ویز سے خارج ہوکر حب ندی کے راستے سمندر میں گرنے لگتا ہے۔ حب ڈیم میں پانی کے ذخیرے کو محکمہ زراعت اور کراچی واٹر بورڈ نے آئندہ ڈھائی سے 3 سال کی ضروریات کے لیے کافی قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ سال اگر مزید بارشیں نہ بھی ہوئیں تو حب ڈیم سال 2023 تک بلوچستان کے کئی علاقوں کو زرعی استعمال اور کراچی کو پینے کا پانی سپلائی کرتا رہے گا۔ واضح رہے کہ رواں سال مون سون سیزن کی غیر معمولی بارشوں سے حب ڈیم میں لگ بھگ 30 فٹ پانی پہنچ چکا ہے محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ، سبی، لسبیلہ، خضدار، ہرنائی، زیارت، قلات، ژوب، کوہلو، بارکھان، آواران، تربت اور گردونواح میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ مزید بارش کا امکان ہے جبکہ قلات، خضدار، لسبیلہ اور آواران میں موسلادھار بارش کا بھی امکان ہے اس کے علاوہ تیز بارش کے باعث خضدار، قلات اور اس سے ملحقہ پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ کی درجہ حرارت 24 ڈگری سینٹی گریڈ، خضدار کا 26 ڈگری سینٹی گریڈ، گوادر کا 29 ڈگری سینٹی گریڈ، سبی کا 31 ڈگری سینٹی گریڈ، نوکنڈی کا 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے، کوئٹہ میں ہوا میں نمی کا تناسب 76 فیصد گوادر میں 66 فیصد سبی میں 58 نوکنڈی میں ہوا میں نمی کا تناسب 8 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔ خضدار میں شہر اور گردونواح علاقوں میں گزشتہ 24 گھنٹے سے کہیں ہلکی اور کہیں موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری رہا، بارشوں کی وجہ سے ندی اور نالوں میں طغیانی آنے سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے گزشتہ دو دنوں سے شدید بارش سے کچے مکانات کی دیواریں منہدم ہوچکے ہیں بارش کے باعث شہر میں مختلف جگہ کے فیڈرز منی باغبانہ فیڈرز ٹرپ کرگئے جس سے خضدار کے مختلف محلوں 20 گھنٹے سے زائد بجلی کی فراہمی معطل ہے بارش کے باعث سندھ ایم 8 موٹروے ٹریفک کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔

شال بقیہ 5

دیں۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کی جدوجہد اور سیاست کا محور بلوچ قوم کی مغصوب شدہ حقوق، ساحل وسائل پر واک واختیار، حقیقی حق حکمرانی، قانون اور آئین کی حکمرانی، حقیقی جمہوریت کے فروغ، پارلیمنٹ کی بالادستی اور محکوم اقوام کیلئے جدوجہد ہے، یہ سلسلہ آج سے نہیں بلکہ دہائیوں سے چلا آرہا ہے ہمارا جدوجہد کا بنیادی مقصد اپنے وسائل پر واک اختیار، اپنے لوگوں کی خدمت ہے، ہم نے ہمیشہ اجتماعی مفادات کو اولیت دی اور گروہی وعلاقائی، پارٹی مفادات کو پس پشت ڈالا جس کیلئے ہمارے اکابرین نے قید وبند کی صعوبتیں، اذیت خانوں میں تارچر اور جلاوطنیاں برداشت کی بلکہ اپنی جانوں کے نذرانے دیئے، ہم آج بھی اپنے موقف پر قائم ہے اور جدوجہد کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے کبھی بھی پارلیمانی سیاست میں ذاتی، گروہی مفادات کیلئے جدوجہد نہیں کی جس کی واضح ثبوت 25 جولائی 2018ء کے انتخابات میں بلوچستان کی عوام کی بی این پی پر اعتماد ہے ہمارے پاس آپشن موجود تھے کہ ہم صوبے کے مسائل کو اولیت دینے کی بجائے شراکت اقتدار کیلئے معاہدہ کرتے اور صوبائی اور مرکزی حکومتوں کا حصہ رہ کر مراعات لیتے لیکن ہم نے بلوچستان کی عوام، یہاں کے حقوق پر اقتدار کو قربان کیا اور اقتدار کو نظرانداز کرکے اجتماعی مفادات کو ترجیح دی، ہم نے اپنے 6 نکات جس میں سب سے اہم مسئلہ لاپتہ افراد جو 16 سالوں سے چلا آرہا ہے دوسرا گوادر میں قانون سازی وقت کی ضرورت تھی کیونکہ ملک کے کونے کونے سے لوگوں کی آمد سے گوادر میں ڈیموگرافک تبدیلی آگئی جس سے علاقہ اور لوگ اقلیت میں تبدیل ہوں گے بلاچ، شناخت ملیامیٹ ہوجائے گا، پارٹی نے اس پر کہا ایسا قانون ہو کہ باہر سے آنے والوں کو شناختی کارڈ، ڈومیسائل اور انتخابی فہرستوں میں حق حاصل نہ ہو تاکہ گوادر کے لوگ اقلیت میں تبدیل نہ ہوں اور لوگوں کی شناخت برقرار رہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل پر یہاں کے لوگوں کی حق حکمرانی ہونی چاہیے، انہوں نے کہا کہ وفاقی محکموں میں بلوچستان کے 6 فیصد کوٹے پر عملدرآمد ہونی چاہئیں کیونکہ بلوچستان میں پسماندگی بہت زیادہ ہے جبکہ یہاں کے کوٹے پر دیگر صوبوں کے لوگ موجود ہیں اور ہمارے نوجوان بے روزگاری کی وجہ سے کسمپرسی کے شکار ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمارا ایک اور مطالبہ کہ افغان مہاجرین کی انخلاء باعزت طور پر یقینی بنایا جائے بلکہ بلوچستان میں ڈیمز بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ بارشوں کا پانی ڈیمز نہ ہونے کی وجہ سے ضائع ہوجاتے ہیں انہوں نے کہا کہ پارٹی کے 6 نکات صوبے کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی بھی صورت میں اپنے کارکنوں اور عوام جنہوں نے ہمیں مینڈیٹ دیا اور اعتماد کیا انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور اس حوالے سے جدوجہد کا سلسلہ جاری رہے گا بلکہ ان کے احساسات اور جذبات کا پاس رکھتے ہوئے ان کیلئے جدوجہد جاری رہے گا۔

شال بقیہ 6

بچوں کو پڑھائیں تو ہم اساتذہ کی معاونت سے ناخواندگی کے چیلنجز سے کافی حد تک نمٹ سکتے ہیں۔ اس حوالے سے حکومت کے عزائم بلند اور منزل تعلیمی ترقی پر مرکوز ہے، انشاء اللہ بلوچستان کے عوام شعبہ تعلیم میں واضح اور اطمینان بخش حد تک فرق وتبدیلی محسوس کریں گے۔ 15 ستمبر سے ایس او پیز کے تحت اسکولز کو کھولنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ جن تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی ہے وہ کمی دور کی جائے گی۔

شال بقیہ 7

کے ڈوڈی پی ایف یو ہے اور کوئٹہ پریس کلب کے صدر سمیت دیگر شخصیوں سے ملاقات اور حاصل نتائج کے حوالے سے آگاہ کیا۔ اجلاس نے وفاقی حکومت کی جانب سے 25 فیصد کوٹہ کی عدم بحالی اور میڈیا کی سینٹرلائز پالیسی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی پالیسیوں کے باعث علاقائی اخبارات مسائل کا شکار ہوچکے ہیں۔ میڈیا سینٹرلائز پالیسی سے اخبارات کو بقایاجات کی وصولی میں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ جبکہ 25 فیصد کوٹہ کی کٹوتی علاقائی اخبارات پر قدغن لگانے کے مترادف ہے۔ بلوچستان میں پرائیویٹ سیکٹر کے نہ ہونے کی وجہ سے مقامی میڈیا پہلے ہی مشکلات کا شکار اور حکومتی اشتہارات پر انحصار کرتے تھے لیکن 25 فیصد علاقائی اخبارات کے کوٹہ بند ہونے سے مشکلات میں مزید اضافہ کردیا گیا ہے۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان 25 فیصد کوٹہ کی بحالی سمیت دیگر مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز اظہاری ہے۔ اجلاس میں متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر وفاقی حکومت نے میڈیا انڈسٹری کے مسائل حل نہ کئے تو اپنے جائز مطالبات کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کیساتھ مشترکہ احتجاجی تحریک کا آغاز کیا جائے گا۔

شال بقیہ 8

نواب اکبر خان بگٹی اپنی ذات میں ایک انجمن تھے جنکی کمی شدت سے محسوس کی جاتی رہے گی، بلوچستان کے مسائل کا حل یہاں کے عوام کو انکے حقوق دینا ہے، بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمہوری وطن پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ گہرام بگٹی نے اسپیکر سے استدعا کی کہ آج نواب اکبر خان بگٹی کی برسی ہے لہٰذا ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی جائے جس پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی اجلاس میں بی این پی کے رکن اسمبلی اختر حسین لانگو نے ایوان میں تعزیتی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ سابق گورنر / وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اکبر خان بگٹی کی جمہوریت کے استحکام کیلئے انہیں یہ ایوان خراج تحسین پیش کرتا ہے بی این پی کے رکن اسمبلی ثناء بلوچ نے نواب اکبر خان بگٹی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ بلوچستان کے گورنر، وزیراعلیٰ اور کئی مرتبہ اس معزز ایوان کے رکن رہ چکے ہیں انہوں نے قیام پاکستان کے وقت قائداعظم محمد علی جناح کو انتہائی خوش اسلوبی اور خوش اخلاقی سے خوش آمدید کہا انہوں نے صوبے کے مسائل کی بنیادی حقوق کیلئے ہمیشہ وفاق میں آواز بلند کی، انہوں نے کہا کہ نواب اکبر خان بگٹی کے مطالبات آئینی وقانونی تھے انہوں نے کہا کہ نواب اکبر خان بگٹی آئینی سیاسی وپارلیمانی جدوجہد کے ذریعے وفاق سے بات کرنے کو تیار تھے انہوں نے کسی کو ہتھیار اٹھانے اور لڑنے کو نہیں کہا وہ جمہوری جدوجہد کرتے رہے۔

شال بقیہ 9

ہوگا، اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے حوالے پر غور کیا جائیگا۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں پولیس موبائل خدمت مرکز کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مرطے میں دو بسوں پر مشتمل پولیس موبائل مرکز قائم کردیا ہے پولیس موبائل یونٹس کو دیگر اضلاع میں بھی فعال کیا جائے گا پولیس خدمت موبائل مرکز کو جدید ٹیکنالوجی آراستہ ہے محکمہ پولیس کو ڈسٹیلائزیشن کی طرف لے جارہے ہیں کریکٹر سرٹیفکیٹ ویری فیکیشن، کرایہ داری اور گھریلو ملازمین کے اندراج سمیت دیگر سہولیات دی جائے گی۔

شال بقیہ 10

شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے چاول کا معیار عالمی سطح پر قابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال 2.7 ملین چاول پیدا ہوا تھا۔ سید فخر امام نے کہا کہ ذھائی ارب امریکی ڈالر کی مالیت کے چاول کی مصنوعات برآمد کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ جی ڈی پی میں چاول کی شراکت 6.0 فیصد ہے۔ سید فخر امام نے کہا کہ ہماری موجودہ پیداوار میں 5.2 ٹن بیکٹر کا گیپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں چاول کی صنعت میں سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے فائٹو سینیٹری سسٹم کو اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 11

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، پولیس فورس کو جدید ٹیکنالوجی اور وسائل سے آراستہ کرکے اس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرل پولیس آفس کے دورے کے موقع پر پولیس کی کارکردگی اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران کیا، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، صوبائی مشیر عبدالخالق ہزارہ، پارلیمانی سیکرٹری ماہ جبین شیران، مبین خان بگٹی اور چیف سیکرٹری فضیل اصغر بھی اس موقع پر موجود تھے، آئی جی پولیس محسن حسن بٹ اور دیگر متعلقہ پولیس آفیسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آئی جی پولیس کی جانب سے 2020ء کو بلوچستان پولیس کے لئے ڈیجیٹلائزیشن کا سال قرار دیا گیا ہے اور ڈی تھری سی پروجیکٹ کے فیزون اور فیز ٹو پر عملدرآمد کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت ایف آئی آر کے اندراج سے لے کر پولیس کے دیگر تمام امور کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سے منسلک کیا جارہا ہے جن میں کمیونٹی پولیسنگ کے تصور کو عملی جامہ پہنانے کے لئے سمارٹ پولیس اسٹیشن کا قیام، عوامی شکایات کا ازالہ، ہیومن ریسورس مینجمنٹ سسٹم، پولیس اہلکاروں کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تربیت بھی شامل ہے جبکہ مجرموں کے ڈیٹا بیس کی تیاری بھی پروجیکٹ کا حصہ ہے جس کے لئے دیگر صوبوں کی پولیس کے ساتھ معاہدے کئے گئے ہیں، منصوبے کے تحت کوئٹہ کے علاوہ دیگر اضلاع میں سیکیورٹی کیمرے بھی نصب کئے جائیں گے، سینٹرل پولیس آفس میں کمانڈ سینٹر کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، وزیراعلیٰ نے بلوچستان پولیس کو جدید ٹیکنالوجی پر استوار کرنے کے منصوبے کو سراہتے ہوئے آئی جی اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گرد اور جرائم پیشہ عناصر بھی جدید ٹیکنالوجی استعمال کررہے ہیں جن سے موثر طور پر مقابلہ کرنے کے لئے پولیس کو بھی جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرنا ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ نے یقین دلایا کہ صوبائی حکومت بلوچستان پولیس کو ایک جدید، متحرک اور فعال فورس میں ڈھالنے کے لئے بھرپور معاونت فراہم کرے گی۔

شال بقیہ 12

منائی گئی کوئٹہ میں بگٹی ہاؤس میں جمہوری وطن پارٹی کا پرچم سرنگوں رہا اس موقع پر قرآن خوانی اور لنگر تقسیم کیا گیا جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی صدر اور رکن صوبائی اسمبلی گہرام بگٹی اور بے ڈیلیوپی کے دیگر رہنماؤں نے نواب اکبر بگٹی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انکی جمہوریت اور بلوچستان کے عوام کیلئے دی جانے والی قربانیاں مثال راہ ہے جن کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ملک میں ایک آمر نے نواب اکبر بگٹی کا شہید کیا غیور بلوچ عوام غور سے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ملک پر مشکل وقت آیا تو بگٹی قبائل پیش پیش ہوتے نواب بگٹی شہید محب وطن لیڈر تھے۔

شال بقیہ 13

نے اپنے بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی کا سابق وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کے فرزند و پی پی پی پارلیمنٹرین کی سیکرٹری اطلاعات نفیسہ شاہ کے بھائی مظفر علی شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی رہنماؤں نے قائم علی شاہ، نفیسہ شاہ اور جیلانی خاندان سے اظہار تعزیت کی ہم دعا گوں ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

شال بقیہ 14

اظہار بدھ کو بلاول ہاؤس کراچی میں صوبائی وزیر ریونیو مخدوم محبوب الزماں اور دیگر پارٹی رہنماؤں سے الگ الگ ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کراچی ضلع غربی میں پی پی پی کے صدر اور رکن سندھ اسمبلی لیاقت علی آسکانی سے ملاقات کی اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری علی احمد جان بھی موجود تھے۔ بلاول بھٹو زرداری نے ضلع غربی کے عہدیداران سے بارشوں کے بعد کی صورت حال سے متعلق استفسار کیا ان کا کہنا تھا کہ شہر قائد کے عوام نے تاریخ کی تیز ترین بارشوں کا سامنا کیا ہے، مجھے فخر ہے کہ اس قدرتی آفت کے موقع پر پی پی کے جیالے شہر قائد کے عوام کے ساتھ کھڑے رہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعلیٰ سے لیکر ایک عام کارکن اور اراکین سندھ اسمبلی عوام میں موجود رہے، شہر قائد کے عوام دیکھ رہے ہیں کہ کون بحرانوں کے موقع پر ان کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے، چیئرمین سے رکن سندھ اسمبلی شمیم ممتاز نے بھی ملاقات کی، شمیم ممتاز نے انہیں شہر قائد کی سیاسی صورت حال سے آگاہ کیا اور انہیں بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال کے بارے میں بتایا، بلاول کا کہنا تھا کہ نفرت کی سیاست نے عوام کے مسائل حل ہونے تھانوں کو اپ گریڈ کرکے جدید ٹیکنالوجی کی طرف لایا جارہا ہے محرم الحرام کے دوران امن وامان سے متعلق آئی جی آفس میں اجلاس ہوگا، اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے حوالے پر غور کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیلابی صور

ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ کو وزیراعلیٰ کی ہدایت پر بلیلی یا دشت منتقل کیا جائیگا، ضیاء لانگو

وسیع رقبے پر بننے والے جیل میں قیدیوں کو تمام تر سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جاسکے

محکمہ جیل خانہ جات میں اصلاحات لانے کی اشد ضرورت ہے صوبائی وزیر داخلہ

صوبائی مشیر کھیل عبدالخالق ہزارہ جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ کھیلوں کے مقابلوں کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ کو وزیراعلیٰ کی ہدایت پر بلیلی یا دشت منتقل کیا جائیگا تاکہ وسیع رقبے پر بننے والے جیل میں قیدیوں کو تمام تر سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے موقع پر جواب دیتے ہوئے کیا۔ بدھ کے روز اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت ہونے والے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران پشتونخوا عوامی پارٹی کے رکن اسمبلی نصراللہ زیرے، بی این پی کے رکن اسمبلی اختر حسین لانگو نے قیدیوں کیلئے سہولیات کی عدم فراہمی پر انکوائری کمیٹی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ جیل خانہ جات میں اصلاحات لانے کی اشد ضرورت ہے صوبائی وزیر داخلہ بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

دور حاضر میں سوشل میڈیا کی طاقت سے انکار کرنا ناممکن ہے، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) کے قوم میں سیاسی شعور اجاگر کرنے کے لئے سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کیا ہے

پارٹی کارکن گوادر سے ژوب تک سوشل میڈیا کے ذریعے پارٹی پیغام کا پرچار کریں، سوشل میڈیا ورکروں سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ دور حاضر میں سوشل میڈیا کی طاقت سے انکار کرنا ناممکن ہے مسلم لیگ (ن) کے قوم میں سیاسی شعور اجاگر کرنے کے لئے سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کیا ہے، پارٹی کارکن گوادر سے ژوب تک سوشل میڈیا کے ذریعے پارٹی پیغام کا پرچار کریں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو شیر خان لغمانی کی قیادت میں ملاقات کرنے والے صوبے بھر کے سوشل میڈیا ورکروں سے بات چیت کرتے ہوئے بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کارکنوں کی پارٹی ہے، میر اعجاز خان سنجرانی

خاران (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے ڈویژنل آرگنائزر، رخشان ڈویژن میر اعجاز خان سنجرانی و دیگر مرکزی رہنماؤں کا خاران آمد پر بی اے پی کے صوبائی سینئر نائب صدر سابق وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی اور میر شعیب بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

سرکاری زمین پر غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم بنانے کا انکشاف

قبضہ مافیا نے کچلاک میں غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیمز بنا کر ہزاروں لوگوں کو پلاٹ فروخت کردیئے

نیب بلوچستان نے ہاؤسنگ اسکیمز کے دفاتر سے تمام ریکارڈ تحویل میں لے لیا، متاثرین کو اپنے کلیم کی بابت نیب بلوچستان سے رجوع کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں لینڈ مافیا کی جانب سے سرکاری زمین پر غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیمز بنانے کا انکشاف ہوا ہے، نیب بلوچستان نے غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیمز کے دفاتر سے تمام ریکارڈ قبضے میں لے لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق قومی احتساب بیورو بلوچستان نے شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے میکانکی کچلاک اور جان ٹاؤن کچلاک کے خلاف تحقیقات کا آغاز کیا تو انکشاف ہوا کہ مذکورہ بالا ہاؤسنگ اسکیمز سرکاری زمینوں بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند سے سیکرٹری ثانوی تعلیم شیر خان بازئی ملاقات کررہے ہیں

کراچی کو فوری طور پر آفت زدہ شہر قرار دیا جائے، محمد فیصل

حکومت شہر قائد کے باسیوں کی دادرسی میں ناکام ہوگئی ہے، سماجی رہنما

کراچی (این این آئی) کریڈ ووٹیلنٹیز ایسوسی ایشن کے نائب صدر معروف سماجی رہنما محمد فیصل نے کراچی کا آفت زدہ شہر قرار دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت شہر قائد کے باسیوں کی دادرسی میں ناکام ہوگئی ہے۔ بدھ کو جاری بیان میں محمد فیصل نے کہا کہ بارشوں کے بعد روشنیوں کا شہر کسی سیلاب زدہ بستی کا منظر پیش کررہا ہے۔ ملک کو سب سے زیادہ ریونیو دینے والے شہر کی یہ حالت یہاں کی نمائندہ سیاسی جماعتوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں کی وجہ سے شہریوں اور تاجروں کا کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ محمد فیصل نے کہا کہ بارشوں نے وفاقی، صوبائی حکومتوں اور مقامی انتظامیہ کی قلعی کھول دی ہے۔

کتابیں علم و حکمت کا خزانہ ہوتی ہیں، شعور و ادراک کی دولت قوموں کو اسی خزانے سے حاصل ہوتی ہے، حسن وقار چیمہ

کسی بھی قومی معاشرے میں کتب خانوں سے ایک طرف تو امن اور دوستی کی فضا پیدا ہوتی ہے

لسبیلہ (ٹی این) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ لائبریری کا تصور بہت قدیم ہے اور زمانہ قدیم سے ہی کتب خانے معاشرے کی فکر اور علمی ترقی میں مددگار رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوتھل میں جام محمد یوسف عالیانی لائبریری کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے کہا کہ کتابیں علم و حکمت کا خزانہ ہوتی ہیں شعور و ادراک کی دولت قوموں کو اسی خزانے سے حاصل ہوتی ہے۔ کسی بھی قومی معاشرے میں کتب خانوں سے ایک طرف تو امن اور دوستی کی فضا پیدا ہوتی ہے جو قوموں کے افراد کے ذہنوں کو تخلیقی اور تعمیری رجحانات دیتی ہے۔ اپنی گفتگو کے لائبریری بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی کردیا گیا، بدھ کو اسمبلی کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ڈپٹی اسپیکر بابر موسیٰ خیل نے اجلاس ملتوی کرنے سے متعلق حکم نامہ پڑھ کر سناتے ہوئے اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا

بلوچستان کے تمام جملہ مسائل کا حل سیاسی ہے، سید لیاقت آغا

کوئٹہ (آن لائن) پاک سرزمین پارٹی کوئٹہ ڈسٹرکٹ سینئر نائب صدر سید لیاقت آغا نے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش تمام مسائل کا حل سیاسی قیادت سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل بیٹھ کر نکالنا چاہیے ایک دوسرے پر تنقید سے ملک اور صوبے کے نقصان کے علاوہ کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا، بلوچستان میں پسماندگی کے خاتمے اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے یہ اہم ترین وقت ہے۔

ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں انسداد تشدد حفاظتی ٹیکوں کی چھ روزہ خصوصی مہم کا آغاز کردیا گیا

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں انسداد تشدد حفاظتی ٹیکوں کی چھ روزہ خصوصی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے اس خصوصی مہم کے تحت ضلع سبی کی 42134 خواتین کو ٹیکے لگانے کا ہدف مقرر ہے اس ضمن میں ایک مرتبہ پھر ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اکبر سونگی نے عوام خصوصاً سیاسی و سماجی تنظیموں قبائلی عمائدین بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائز ہونے کی وجہ ڈیٹا اپ گریڈ کرنے میں مدد ملے گی، قمر مسعود

بلوچستان میں بورڈ آف ریونیو کی طرف سے انکوائر کی جانے والی زمین کے علاوہ مستقبل میں انکوائر کی جانے والی زمین کے عمل میں زیادہ آسانی ہوگی

کوئٹہ (ٹی این) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر مسعود نے کہا ہے کہ لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائز ہونے کی وجہ سے نہ صرف ڈیٹا اپ گریڈ کرنے میں مدد ملے گی بلکہ شفافیت کو برقرار رکھا جائے گا اور بلوچستان میں بورڈ آف ریونیو کی طرف سے انکوائر کی جانے والی زمین کے علاوہ مستقبل میں انکوائر کی جانے والی زمین کے عمل میں زیادہ آسانی ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے لینڈ ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے سے متعلق منعقدہ اجلاس کے دوران کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ صالح ناصر، سیکرٹری پلاننگ بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

میر اختر حسین لانگو کی جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما میر حاجی زاہد علی ریکی سے ملاقات

ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کے حوالے سے اور ضلع واشک کے دیگر مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی

ماشکیل (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایم پی اے و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میر اختر حسین لانگو اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ایم پی اے واشک میر حاجی زاہد علی ریکی سے بلوچستان نیشنل پارٹی واشک کے ضلعی ترجمان نصیر کہدانی نے پی اے سی آفس میں ملاقات کیا ملاقات میں تحصیل ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کے حوالے سے اور ضلع واشک کے دیگر مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔

صحت پور اور گردونواح میں منگل کے روز سے جاری مسلسل بارش کی وجہ سے پورا علاقہ جل تھل ہوگیا

تحصیل فرید آباد کے کئے دیہات زیر آب علاقہ مکین سخت پریشان

صحت پور (این این آئی) صحت پور اور گردونواح میں منگل کے روز سے جاری مسلسل بارش کی وجہ سے پورا علاقہ جل تھل ہوگیا ہے۔ ندی، نالوں میں طغیانی کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر صحت پور سمیت تحصیل ماچھی پور، تحصیل جیرون، سب تحصیل سعید محمد کنرانی، سب تحصیل پسنی، تحصیل فرید آباد کے کئے دیہات زیر آب علاقہ مکین سخت پریشان۔ تفصیلات کے مطابق ضلع صحت پور میں منگل کے روز سے جاری تیز بارش بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک اعلامیہ کے مطابق تمام ریت اور بجری و اینٹ کے بھٹوں، لوڈرز اور پانی کے واٹر ٹینکرز و ٹریکٹر ٹیکی مالکان اور ڈرائیورز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شہر میں داخل ہونے سے پہلے اپنی گاڑیوں کے اوپر ریت اور دیگر میٹریل پر ترپال بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

بارشوں میں مسلسل ضلعی انتظامیہ اور حب انتظامیہ سے رابطے میں ہیں، عبدالجلیل زہری

انتظامیہ وسائل کے مطابق اپنے فرائض کو سرانجام دے رہے ہیں، مہیم جان گچکی

لسبیلہ (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کی ہدایت پر حب انتظامیہ چیف آفیسر عبدالجلیل زہری، تحصیلدار مہیم جان گچکی، کاروان بھوتانی کاروان کے کارکن فرید داری و دیگر لاری روڈ حب اور حب ندی کا دورہ کررہے ہیں، صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے سال 22-2020 کے شیڈول کا اعلان

انتخابات 14 ستمبر کو ہونگے، چیئرمین الیکشن کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین الیکشن کمیٹی کے پریس ریلیز کے مطابق بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے سال 22-2020 کے شیڈول کا اعلان کردیا گیا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔ (1) کاغذات نامزدگی یکم ستمبر 2020 بروز منگل یکم بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

حب ڈیم میں پانی کی سطح 335 فٹ تک پہنچ گئی ڈیم میں صرف 4 فٹ پانی کی گنجائش رہ گئی ہے

اوستہ محمد، وقفے وقفے کے ساتھ بارش جاری، بجلی کی تمام فیڈر بند ہوگئے

شہر کے محلے اور گلیوں میں پھسلن ہونے کی وجہ سے متعدد افراد گر کر زخمی ہوگئے

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد میں وقفے وقفے کے ساتھ بارش جاری، بارش شروع ہوتے ہی بجلی کی تمام فیڈر بند ہوگئے اور بارش کا پانی شہر کی اہم شاہراہوں پر جمع ہوگیا اور دوسری جانب شہر کے گلی محلوں میں کیچڑ جمع ہوگیا۔ شہر کے محلے اور گلیوں میں پھسلن ہونے کی وجہ سے متعدد افراد گر کر زخمی ہوگئے۔ جس کی وجہ سے شہریوں کی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد و گردونواح میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری۔ شہر کی اہم شاہراہیں جناح روڈ، گھنٹہ گھر روڈ، ڈیرہ بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

حب ڈیم میں پانی سطح میں خطرناک حد تک اضافہ رات گئے تک پانی کی سطح 335 سے بڑھ گئی

مزید سیلابی ریلوں کا داخلہ جاری رہا، ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش صرف چار فٹ رہ گئی

لسبیلہ (این این آئی) حب ڈیم میں پانی سطح میں خطرناک حد تک اضافہ رات گئے تک پانی کی سطح 335 سے بڑھ گئی مزید سیلابی ریلوں کا داخلہ جاری رہا قریبی آبادی کو الرٹ جاری۔ لسبیلہ اور خضدار کے پہاڑی علاقوں میں موسلادار بارشوں سے مختلف ندیوں سے سیلابی ریلوں کا حب ڈیم میں داخلہ جاری ڈیم میں پانی کی سطح رات گئے تک 335 سے بڑھ گیا تھا جبکہ مزید سیلابی ریلوں بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

واشک ملک کا غریب ترین ضلع ہر دور میں نظر انداز کیا گیا، بلوچ شاہ

واشک ملک کا غریب ترین ضلع ہے ہر دور میں واشک کو یکسر نظر انداز کردیا گیا ہے جس کی باعث علاقہ مسائل کا گڑھ بن چکا ہے

اہل واشک زندگی کے تمام تر انسانی بنیادی ضروریات سے محروم ہیں، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم پی اے خاران

کوئٹہ حالیہ بارشوں سے سیلابی صورتحال کے پیش نظر ایف سی بلوچستان ساؤتھ تربت عوام میں کھانا تقسیم کررہے ہیں

ماشکیل (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم پی اے خاران و واجہ ثناء بلوچ سے بلوچستان نیشنل پارٹی واشک کے ضلعی ترجمان نصیر کہدانی نے ان کے رہائش گاہ بلوچ ہاؤس میں ملاقات کی ملاقات میں ضلع واشک میں بارشوں سے نقصانات اور تحصیل پسنی میں آبی زلزلے سے متاثرہ علاقہ ساجد کے متاثرین کی مسائل سمیت اور بالخصوص ماشکیل کے بنیادی مسائل اور گزشتہ دنوں رخشان ڈویژن کے مختلف علاقوں کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے اور ماشکیل کو نظر انداز کرنے پر اور پارٹی تنظیم سازی و دیگر امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایم پی اے خاران بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی میں مائیک خراب ہونے کے بعد اب ٹوٹی ہوئی کرسی دینے پر ارکان اسمبلی کا گلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں مائیک خراب ہونے کے بعد اب ٹوٹی ہوئی کرسی دینے پر ارکان اسمبلی کا گلہ ڈپٹی اسپیکر کی کرسی ٹھیک کروانے کی یقین دہانی بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران جمعیت علماء اسلام کی رکن صوبائی اسمبلی بانو نفیل نے ڈپٹی اسپیکر کو مخاطب بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

پسماندہ علاقے کے ساتھ اس طرح کرنا ناقابل برداشت عمل ہے، میر کبیر احمد ریکی

ماشکیل (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف ضلع واشک کے جنرل سیکرٹری میر کبیر احمد ریکی نے ایک بیان میں گزشتہ دنوں رخشان ڈویژن کے مختلف علاقوں کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے اور ماشکیل کو نظر انداز کرنے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

دین اسلام ہمیں رواداری، اخوت اور باہمی اتحاد و اتفاق کا درس دیتا ہے، سینیٹر اجمل خان بازئی

موجودہ حالات میں جتنی اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے اس سے پہلے نہیں رہی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما سینیٹر اجمل خان بازئی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دین اسلام ہمیں رواداری، اخوت اور باہمی اتحاد و اتفاق کا درس دیتا ہے۔ موجودہ حالات میں جتنی اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے اس سے پہلے نہیں رہی۔ ہم سب کو ملک و قوم کی ترقی کے لیے اپنے مفادات کو بالائے طاق رکھنا ہوگا۔ یہی درس ہے جو کہ ہمارے اکابرین نے ہمیں دیا ہے۔ اکابرین کے زریں اصولوں پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہم اپنے اہداف کے حصول کو ممکن بنا سکتے ہیں۔ انسان کی تکمیل بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

موجودہ پی ٹی آئی حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، محمد رمضان ہیر

اوستہ محمد (آن لائن) مستری مزدور یونین اوستہ محمد کے چیئرمین محمد رمضان ہیر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ موجودہ پی ٹی آئی حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہیں آئے روز تمام اشیاء کے نرخوں میں اضافہ کرکے غریب عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کردیا ہے مہنگائی سے مزدور طبقہ سخت پریشان ہیں اور حکومت نے عوام کو روزگار دینے کے بجائے عوام کو مہنگائی کا تحفہ دیکر ان کے بچوں کے منہ کا نوالہ بھی چھین لیا ہے۔

ڈی جی رینجرز سندھ کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے دو اہم اجلاس

عاشورہ کے حوالے سے سیکیورٹی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اس حوالے سے مربوط لائحہ عمل مرتب کیا گیا

میجر جنرل عمر بخاری نے تمام علماء کرام اور اکابرین سے مذہبی ہم آہنگی اور کورونا وائرس کو مل کر شکست دینے پر زور دیا

کراچی (این این آئی) ڈی جی رینجرز (سندھ) میجر جنرل عمر احمد بخاری کی زیر صدارت رینجرز ہیڈ کوارٹرز میں بدھ کو محرم الحرام کے حوالے سے دو اہم اجلاس منعقد ہوئے، جس میں ایڈیشنل کمشنر کراچی، ایڈیشنل آئی جی کراچی، ایڈیشنل آئی جی پی سی ڈی، ڈی آئی جی پی اسپیشل برانچ، جوائنٹ ڈی جی آئی بی، ڈی آئی جیز (ایسٹ، ساؤتھ، ویسٹ، سی ٹی ڈی، سی آئی اے اور ٹریفک)، پولیس، رینجرز اور حساس اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کراچی سمیت سندھ بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی کے تمام رہنما عوام کی مدد کے لیے اپنے علاقوں میں موجود ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

جلد سے جلد پانی کی نکاسی کرنا اور اپنے لوگوں کے ساتھ مشکل وقت میں کھڑا رہنا اپنا اولین فرض سمجھتے ہیں

ٹھٹھہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اس کے کو چیئرمین آصف علی زرداری کی قیادت میں سب کے سب اپنے اپنے علاقوں میں موجود ہیں اور لوگوں کے ساتھ کھڑے ہیں، بارش ایک قدرتی آفت آتی ہے، بارش کو ہم روک تو نہیں سکتے لیکن جیسے ہی بارش ختم ہوتی ہے جلد سے جلد پانی کی نکاسی کرنا اور اپنے لوگوں کے ساتھ مشکل وقت بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس سے اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس سے اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا، اسمبلی اجلاس کے دوران اپوزیشن ارکان نے ایجنڈا پیپرز سے ملنے اور ایجنڈے میں شامل قوانین سے متعلق مکمل اطلاع نہ دینے پر شدید احتجاج اور ایوان سے واک آؤٹ کیا بعد ازاں سرکاری کارروائی بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

ضلعی حکومت کی جانب سے گڈز ڈاؤن کے کرایوں میں خودساختہ اور بے تحاشہ اضافہ، پولیس گردی پر شدید تحفظات

کورونا لاک ڈاؤن سے کاروباری طبقہ کو شدید متاثرہ کیا ان کے مسائل کو فوری حل کئے جائیں، صدر سرحد چیمبر مقصود انور

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر انجینئر مقصود انور پرویز نے ضلعی حکومت کی جانب سے گڈز ڈاؤن کے کرایوں میں خودساختہ اور بے تحاشہ اضافہ، پولیس گردی، گڈز کیریئرز کو مختلف طریقوں سے ہراساں کرنے کے ساتھ کسٹمز انٹیلی اسکواڈ کی بے جا تنگ کرنے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور صوبائی حکومت اور اس کے ماتحت متعلقہ محکمہ جات اور اداروں کے اعلیٰ افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ بزنس کمیونٹی کے مسائل اور مشکلات میں اضافہ کرنے کی بجائے انہیں سہولیات اور مراعات دی جائے۔

جمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحلیم شاہ کار

بلوچستان کے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان ملازمت نہ ہونے کی وجہ سے ڈگریاں ہاتھوں میں لئے پھرتے ہیں

ژوب (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع ژوب کے تحصیل امیر مولانا عبدالحلیم شاہ کار جنرل سیکرٹری زوران خان، رفیع اللہ، ولی داد، حافظ غلام رحمان اور تحصیل پریس سیکرٹری ولی خان خوریزی نے مشترکہ بیان میں کہا کہ بلوچستان کے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان ملازمت نہ ہونے کی وجہ سے ڈگریاں ہاتھوں میں لئے پھرتے ہیں۔ گزشتہ کئی سالوں سے نوجوانوں پر روزگار کے دروازے بند کردیئے گئے ہیں۔ ملازمت کے حصول کے لیے نوجوان در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ ان میں اکثر نوجوان سرکاری ملازمت کی عمر کی حد عبور کرکے بے روزگاری کی وجہ سے ذہنی مریض بن گئے ہیں۔ بدقسمتی سے گزشتہ کئی برسوں سے میرٹ کی سنگین پامالی کی جاری ہے۔ قابل اور مستحق افراد کو نظر انداز کرکے قربانی بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

تحصیل مچھ کا واحد پل حکومتی عدم توجہی کے باعث منہدم ہوگیا ہے، عوامی حلقے

بولان (این این آئی) مچھ کا واحد پل منہدم، شہر کو پورے ملک کے ساتھ زمینی رابطے کے ذریعے ملانے والا پل عدم توجہی کے باعث سیلابی ریلے کی وجہ سے منہدم، سردار یار محمد رندکی جانب سے دورہ قبل نوٹس اور خدشہ ظاہر کیا گیا تھا کہ بنیادی بنیادوں پر مرمتی کام نہ کیا گیا تو پل منہدم ہوسکتا ہے کہ خدشات درست ثابت ہوئے۔ تفصیلات کے بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ایک خونی اور قاتل شاہراہ بن چکی ہے

کھڈ کوچہ کا کل کا حادثہ بڑا دل خراش اور افسوسناک ہے جس کے نتیجے میں قیمتی جانے چلی گئی

آئے روز بڑے بڑے حادثات رونما ہوتے ہیں۔ جس کی نتیجے میں قیمتی جانے چلی جاتی ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ایک خونی اور قاتل شاہراہ بن چکی ہے۔ آئے روز بڑے بڑے حادثات رونما ہوتے ہیں۔ جس کی نتیجے میں قیمتی جانے چلی جاتی ہے۔ کھڈ کوچہ کا کل کا حادثہ بڑا دل خراش اور افسوسناک ہے جس کے نتیجے میں قیمتی جانے چلی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بار بار ایکسیڈنٹ ہائی وے بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ سوشل میڈیا کارکنوں کا وفد ملاقات کررہا ہے

سینیٹر کلثوم پروین نے محرم الحرام کے دوران موبائل سروس معطل کرنے کی مخالفت کی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سے تعلق رکھنے والی اپوزیشن سینیٹر کلثوم پروین نے محرم الحرام کے دوران موبائل سروس معطل کرنے کی مخالفت کی۔ گزشتہ روز سینیٹر کلثوم پروین نے موبائل سروس کو محرم الحرام کے دوران معطل کرنے کے فیصلے کی مخالفت کی انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

طوفانی بارشوں نے خضدار میں تباہی مچادی

خضدار (آن لائن) طوفانی بارشوں نے خضدار میں تباہی مچادی، کرنٹ، ہولہ، زہری، ہولہ، وڈھ، جال میں سیلابی ریلوں میں متعدد مویشی بہہ گئے، کچے گھروں کی دیواریں گر بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پولیس کے زیر اہتمام محرم الحرام کی سیکورٹی کے حوالے سے فلیگ مارچ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس کے زیر اہتمام محرم الحرام کی سیکورٹی کے حوالے سے فلیگ مارچ کیا گیا فلیگ مارچ میں پولیس کے ساتھ ساتھ ایف سی کی گاڑیاں بھی شامل بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

موئن جودڑو کے بھی مختلف حصوں میں بھی بارش کا پانی جمع

بارش کا پانی جمع ہونے سے آثار قدیمہ کی تاریخی دیواروں کو بھی نقصان پہنچنے کا اندیشہ پیدا ہوگیا

لاڑکانہ (این این آئی) لاڑکانہ اور گردونواح میں شدید بارش میں شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ تاریخی آثار قدیمہ موئن جودڑو کے بھی مختلف حصوں میں بھی بارش کا پانی جمع ہوگیا۔ موئن جودڑو کے ڈی کے ایریا میں بارش کا پانی جمع ہونے سے آثار قدیمہ کی تاریخی دیواروں کو بھی نقصان پہنچنے کا اندیشہ پیدا ہوگیا ہے۔ محکمہ آثار قدیمہ کے متعلقہ اہلکاروں کی جانب سے بارش کا پانی نکالنا شروع کردیا گیا ہے۔

محرم الحرام میں امن و امان کی برقراریت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ڈاکٹر ثناء اللہ عباسی

خیبر پختونخوا پولیس ہر قسم کی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے تیار و چوکس ہے، آئی جی خیبر پختونخوا

نوشہرہ (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخوا ڈاکٹر ثناء اللہ عباسی نے کہا ہے کہ محرم الحرام میں امن و امان کی برقراریت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا خیبر پختونخوا پولیس ہر قسم کی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار و چوکس ہے خیبر پختونخوا میں کوہاٹ اور ڈی آئی خان رینج انتہائی حساس ہیں لیکن احساس ترین نہیں صوبہ بھر میں محرم الحرام میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر سے بہتر بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

پشتونوں کے تمام مسائل کا حل فکر باچا خان میں پوشیدہ ہے، مابت کاکا

باچا خان اور ان کے رفقاء کی قربانیاں پشتون قومی تحریک کے ماتھے کا جھومر ہیں

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ پشتونوں کے تمام مسائل کا حل فکر باچا خان میں پوشیدہ ہے، پشتونوں نے اگر درپیش مسائل سے نمٹنے کے لئے اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کا ثبوت نہیں دیا تو نہ صرف ان کے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ ان مسائل میں مزید اضافہ بھی ہوگا، باچا خان اور ان کے رفقاء کی قربانیاں پشتون قومی تحریک کے ماتھے کا جھومر ہیں۔

عزم نو کانفرنس سے نظریاتی ورکروں کو ایک نیا حوصلہ اور ولولہ ملے گا، حاجی فیض اللہ

جمعیت علماء اسلام نظریاتی ملک میں اس وقت مظلوم اور دیندار لوگوں کی دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی تحصیل چمن کی امیر حاجی فیض ا